★★★ پاک سرزمین کا نظام..... قوت اخوت عوام ★★★

ABC CERTIFIED

DAILY QUWAT LAHORE

چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض
لاہور

روزنامہ قوت

ایڈیٹر
امداد اللہ قریشی

Www.dailyquwat.com Email:dailyquwat786@gmail.com

جلد نمبر 15 | ہفتہ 5 ذیقعد 1446ھ، 3 مئی 2025ء 20 بیساکھ 2082ب (صفحات 8 قیمت 15 روپے) | شمارہ نمبر 177

قومی یکجہتی کیلئے پارلیمنٹ کا کردار قابل تحسین ہے، شریف نواز

تمام سیاسی جماعتوں کا یک زبان ہونا خوش آئند ہے، پارلیمنٹیرینز کے اس کردار سے قومی یکجہتی کو فروغ ملے گا اور عوام میں بھی اتفاق واتحاد کی فضا پیدا ہوگی: نواز شریف کی سینیٹر عرفان صدیقی سے ملاقات میں گفتگو

ملکی دفاع کے عظیم مقصد کے لیے ہر طرح کے اختلافات کو ایک طرف رکھ دینا اچھی روایت ہے، سینیٹر عرفان صدیقی نے نواز شریف کو سینیٹ میں مسلم لیگ (ن) پارلیمانی پارٹی کی کارکردگی سے آگاہ کیا

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے صدر اور سابق وزیراعظم محمد نواز شریف نے کہا ہے کہ ملکی دفاع اور قومی سلامتی کے لیے پارلیمنٹ میں موجود تمام سیاسی جماعتوں کا یک زبان ہو کر آواز اٹھانا نہایت خوش آئند ہے۔ سینیٹ میں مسلم لیگ (ن) پارلیمانی پارٹی کے سربراہ اور قائمہ کمیٹی امور خارجہ کے چیئرمین سینیٹر عرفان صدیقی سے ملاقات میں نواز شریف نے کہا کہ پارلیمنٹیرینز کے اس کردار سے قومی یکجہتی کو فروغ ملے گا (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 1)



لاہور: محمد نواز شریف سے سینیٹ میں پارلیمانی پارٹی کے سربراہ سینیٹر عرفان صدیقی ملاقات کر رہے ہیں

پاکستان ذمے دار ملک، امید ہے بھارت متنازع ردعمل سے گریز کرے گا، امریکی نائب صدر

واشنگٹن (این این آئی) امریکی نائب صدر جے ڈی وینس نے کہا ہے کہ پاکستان ایک ذمے دار ملک ہے، ہم امید کرتے ہیں کہ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 7)

آزادی صحافت جمہوری اقدار کے فروغ کے لیے ناگزیر ہے، اسپیکر

سردار ایاز صادق کا یوم آزادی صحافت کے موقع پر صحافتی برادری کو خراج تحسین

اسلام آباد (این این آئی) اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے کہا ہے کہ آزادی صحافت جمہوریت کی بنیاد ہے، ملک کے مثبت تشخص کو اجاگر کرنے اور ایک باخبر معاشرے کی تشکیل میں صحافتی برادری کا کردار کلیدی اہمیت کا حامل ہوتا ہے، آئین پاکستان آزادی اظہار رائے کی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 8)

بھارت کی پاکستان نیوز کے ویزا کی منسوخی سنگین انسانی مسائل پیدا کر رہی ہے، خارجہ دفتر

متعدد مریض نازک صحت کے ساتھ علاج مکمل کیے بغیر وطن واپس آچکے ہیں، بھارتی حکام اجازت دیں تو ہم اپنے شہریوں کو واپس لینے کیلئے تیار ہیں، ترجمان شفقت علی خان کا بیان

متعدد مریض نازک صحت کے ساتھ علاج مکمل کیے بغیر وطن واپس آچکے ہیں، خاندانوں کے بچھڑنے اور بچوں کے والدین سے جدا ہونے کی اطلاعات مل رہی ہیں

اسلام آباد (این این آئی) دفتر خارجہ نے کہا ہے کہ بھارت کی پاکستانیوں کے ویزا کی منسوخی سنگین انسانی مسائل پیدا کر رہی ہے، بھارتی حکام اجازت دیں تو ہم اپنے شہریوں کو واپس لینے کیلئے تیار ہیں۔ بھارت سے واہگہ بارڈر کے ذریعے پاکستانیوں کی واپسی سے متعلق ترجمان دفتر خارجہ شفقت علی خان کی جانب سے جاری بیان میں کہا گیا کہ بھارت کی جانب سے پاکستانیوں (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 10)

پاکستان بھارت جنگ کی صورت چین کیساتھ چٹان کی طرح کھڑا ہوگا، مشاہد حسین سید

چینی خارجہ پالیسی، علاقائی حکمت عملی اور چینی اسٹریٹجی میں پاکستان کا دفاع ریڈ لائن میں شامل ہے، چین بین الاقوامی سطح پر پاکستان کا ترجمان ہے اور پاکستان بھی چین کا سچا دوست ہے

پاکستان حق پر کھڑا ہے، دنیا کی 3 بڑی طاقتیں امریکہ، چین اور روس پاکستان کے ساتھ ہیں جنگ اس لیے ہوتی نظر نہیں آرہی کیونکہ بھارت پاکستان کی صلاحیت کو جانتا ہے، انٹرویو

لاہور (این این آئی) سابق وفاقی وزیر اور بین الاقوامی امور کے ماہر مشاہد حسین سید نے کہا ہے کہ پاکستان اور بھارت کے درمیان جنگ کی صورت چین پاکستان کے ساتھ چٹان کی طرح کھڑا ہوگا، کیونکہ چینی خارجہ پالیسی، علاقائی حکمت عملی اور چینی اسٹریٹجی میں پاکستان کا دفاع ریڈ لائن میں شامل ہے، چین بین الاقوامی سطح پر پاکستان کا ترجمان ہے اور پاکستان بھی چین کا سچا دوست (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 9)

پاکستان کا آئین اظہار رائے کی آزادیوں کا امین ہے، شہباز شریف



آرمی چیف جنرل سید عاصم منیر نشان امتیاز (ملٹری) کے خصوصی کور کمانڈرز کانفرنس کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

حکومت پاکستان عوامی نمائندہ جماعت کے طور پر ہمیشہ آئین میں دی گئی آزادیوں کی محافظ رہی ہے، فیک نیوز کے خاتمے کے لئے میڈیا کے ساتھ مل کر قوانین تیار کیے، آزادی صحافت کے عالمی دن کے موقع پر پیغام

آئندہ بھی اہل صحافت کی مشاورت، تعاون اور تائید سے اس ضمن میں اصلاحات کا عمل جاری رکھیں گے، دنیا کو حقائق کی فراہمی کی جد و جہد میں صحافیوں کی قربانیاں تاریخ کا سنہری باب ہے

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے کہا ہے کہ پاکستان کا آئین رائے اور اظہار کی آزادیوں کا امین اور ضامن ہے، حکومت پاکستان عوامی نمائندہ جماعت کے طور پر ہمیشہ آئین میں دی گئی آزادیوں کی محافظ رہی ہے، فیک نیوز کے خاتمے کے لئے میڈیا کے ساتھ مل کر (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 3)

کسانوں کو مڈل مین کے رحم وکرم پر چھوڑنے کے نتائج سنگین ہوں گے، لاہور ہائیکورٹ

ایک من گندم پر خرچ 2500 سے کم ممکن نہیں، حکومت کو گندم خرچ سے کچھ زیادہ پیسوں پر خرید لینی چاہئے

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے پنجاب میں گندم کی مناسب قیمت مقرر کرنے کے لیے دائر درخواست پر سرکاری وکلاء کو تیاری کی مزید مہلت دیتے ہوئے سماعت غیر معینہ مدت تک ملتوی کر دی جبکہ عدالت نے ریمارکس دیئے کہ کسانوں کو مڈل مین کے رحم وکرم پر چھوڑنے کے نتائج بہت سنگین ہوں گے، حکومت کو گندم خرچ سے کچھ زیادہ پیسوں پر خرید لینی چاہئے۔ ہائیکورٹ کے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 2)

ترقیاتی سکیموں کی تکمیل میں تاخیر سے عوام کی روزمرہ زندگی متاثر ہوتی ہے، مریم نواز

وزیراعلیٰ پنجاب کی لاہور ڈویلپمنٹ پلان کے پراجیکٹس کیلئے ماہانہ ٹائم لائن مقرر کرنے کی ہدایت، سینئر صوبائی وزیر، چیف سیکرٹری کو منصوبے کی بروقت تکمیل کا ٹاسک دیدیا

لاہور (سٹاف رپورٹر) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز نے کہا ہے کہ ترقیاتی سکیموں کی تکمیل میں تاخیر سے عوام کی روزمرہ زندگی متاثر ہوتی ہے، مریم نواز کی لاہور ڈویلپمنٹ پلان کے پراجیکٹس کیلئے ماہانہ ٹائم لائن مقرر کرنے کی ہدایت، سینئر صوبائی وزیر، چیف سیکرٹری کو منصوبے کی بروقت تکمیل کا ٹاسک دیدیا (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 6)



لاہور: وفاقی وزیر ریلوے حنیف عباسی لاہور ریلوے اسٹیشن کا دورہ کر رہے ہیں

پنجاب کی تمام جیلوں میں اسمارٹ لائبریریاں قائم

لاہور (این این آئی) پنجاب کی تمام جیلوں میں سمارٹ لائبریریاں قائم کر (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 12)

راولپنڈی، 11 تھانوں کو کرائم کنٹرول ڈیپارٹمنٹ کا درجہ دے دیا گیا، نوٹیفکیشن جاری

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی میں 11 تھانوں کو کرائم کنٹرول (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 13)



اسلام آباد: پاکستان میں کویت کے سفیر ناصر عبدالرحمٰن وزیراعظم شہباز شریف سے ملاقات کر رہے ہیں

ہم امن کے خواہاں ہیں اسے ہماری کمزوری نہ سمجھا جائے، سفیر پاکستان

دو جوہری طاقتیں آمنے سامنے آئیں تو حالات کیا ہوں گے کچھ نہیں کہا جاسکتا، انٹرویو

واشنگٹن (این این آئی) امریکا میں پاکستانی سفیر رضوان سعید شیخ نے کہا ہے کہ ہم امن کے خواہاں ہیں اسے ہماری کمزوری نہ سمجھا جائے۔ سفیر پاکستان نے امریکی ٹی وی کو انٹرویو دیتے ہوئے کہا کہ کسی قسم کی مہم جوئی ہوئی تو بھرپور قوت سے جواب دیں گے۔ امریکا میں پاکستان کے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 11)

پاکستان خطے میں امن واستحکام کے قیام کے لیے پرعزم ہے، عاصم افتخار

پاکستانی مندوب کی یو این سیکرٹری جنرل سے ملاقات؛ خطے میں کشیدگی کم کرنے پر گفتگو

نیویارک (این این آئی) پاکستانی مندوب عاصم افتخار نے کہا ہے کہ نئی دہلی کی اشتعال انگیز پالیسیاں جنوبی ایشیا کے امن کیلئے خطرناک ہوچکیں، بھارت علاقائی استحکام کو داؤ پر لگا (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 14)

اسلام آباد: وزیراعظم سے سعودی عرب کے سفیر کی ملاقات

پہلگام واقعے کے بعد جنوبی ایشیا میں امن وامان کی موجودہ صورتحال پر گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف سے پاکستان میں سعودی عرب کے سفیر نواف بن سعید المالکی نے ملاقات کی دوران وزیراعظم نے حرمین شریفین کے متولی شاہ سلمان بن عبدالعزیز آل سعود، اور ولی عہد اور وزیراعظم شہزادہ محمد بن سلمان بن عبدالعزیز السعود کے لیے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 4)

جنیوا میں مصدق ملک کی اہم شخصیات سے ملاقاتیں، پاکستان کی نمائندگی کی

جنیوا (این این آئی) وفاقی وزیر مصدق ملک نے جنیوا میں موجود اہم شخصیات سے ملاقاتیں اور مختلف فورمز میں پاکستان (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 5)



لاہور: وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف لاہور ڈویلپمنٹ پلان پر پیشرفت کے حوالے سے خصوصی اجلاس کی صدارت کر رہی ہیں

اعجاز چوہدری کی ایک لاکھ روپے مچلکوں کے عوض ضمانت منظور

تین رکنی بینچ نے کیس کی سماعت کی، 9 مئی مقدمے میں پی ٹی آئی رہنما حافظ فرحت عباس کی ضمانت قبل از گرفتاری بھی منظور کر لی گئی

اعجاز چوہدری کیخلاف کیس اتنا ہی مضبوط تھا تو فوجی عدالت میں لے جاتے، ضمانت کو بطور سزا استعمال نہیں کیا جاسکتا: سپریم کورٹ

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ نے پاکستان تحریک انصاف کے سینیٹر اعجاز چوہدری کی ضمانت منظور کر لی۔ جمعہ کو جسٹس نعیم اختر افغان کی سربراہی میں تین رکنی بینچ نے کیس کی سماعت کی۔ جسٹس ہاشم کاکڑ اور جسٹس اشتیاق ابراہیم بھی تین رکنی بینچ کا حصہ تھے۔ عدالت نے سینیٹر اعجاز چوہدری کو ایک لاکھ روپے کے مچلکے ٹرائل کورٹ میں جمع کرانے کا حکم دیا۔ دوران سماعت، سپیشل پراسیکیوٹر نے کہا کہ سینیٹر اعجاز چوہدری نے لوگوں کو اکسایا اور سازش (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 16)

ایران کا مذاکرات کے دوران امریکہ پر متضاد رویہ اپنانے کا الزام

تہران (این این آئی) ایران نے امریکہ پر الزام عائد کیا کہ وہ متضاد (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 18)

شام میں صحنایا کے میئر کو نامعلوم افراد نے فائرنگ کر کے قتل کر دیا

دمشق (این این آئی) دار الحکومت دمشق کے نواحی علاقے صحنایا کے میئر کو نامعلوم افراد نے گولی مار کر قتل کر دیا ہے۔ غیر (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 19)

ایران کو حوثیوں کی حمایت کی قیمت ادا کرنا ہوگی، امریکی وزیر دفاع

صنعا (این این آئی) یمن میں امریکی حملے جاری ہیں اور امریکی وزیر دفاع پیٹ ہیگستھ نے متنبہ کیا ہے کہ ایران کو حوثیوں کی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 21)

جاپان سعودی عرب کے ساتھ مل کر سیکستھ جنریشن لڑاکا طیاروں کی تیاری پر کام کرے گا

ٹوکیو (این این آئی) ایک جاپانی ذریعے نے العربیہ کو بتایا ہے کہ سعودی عرب کے ساتھ چھٹی نسل کے فائٹر پراجیکٹ میں شرکت کے حوالے سے بات چیت جاری ہے۔ ان کا (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 24)

مولانا فضل الرحمٰن کی ایرانی سفیر سے ملاقات، ملکی سیاسی صورتحال پر گفتگو

مودی خطے میں جنگی سیاست کے ذریعے اپنی بقاء چاہتا ہے، سربراہ جے یو آئی

اسلام آباد (این این آئی) سربراہ جے یو آئی (ف) مولانا فضل الرحمان نے ایرانی سفیر ڈاکٹر رضا مقدمی سے ملاقات کی جس میں دونوں رہنماؤں میں موجودہ ملکی سیاسی صورتحال پر گفتگو کی گئی۔ سربراہ جے یو آئی مولانا فضل الرحمان نے حالیہ دنوں میں ایرانی شہر بندر عباس میں بم (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 17)



اسلام آباد: سربراہ جے یو آئی مولانا فضل الرحمٰن سے ایرانی سفیر ڈاکٹر رضا مقدمی ملاقات کر رہے ہیں

ملک میں ہفتہ وار مہنگائی کی مجموعی شرح میں 0.15 فیصد اضافہ ریکارڈ

ایک ہفتے کے دوران 12 اشیاء کی قیمتوں میں اضافہ، 11 اشیاء کی قیمتوں میں کمی

لاہور (این این آئی) ملک میں ہفتہ وار بنیادوں پر مہنگائی کی مجموعی شرح میں 0.15 فیصد اضافہ ریکارڈ کیا گیا جبکہ سالانہ بنیادوں پر مہنگائی کی مجموعی شرح منفی 2.41 فیصد رہی۔ ادارہ شماریات کے مطابق ایک ہفتے کے دوران 12 اشیاء کی قیمتوں میں اضافہ، 11 اشیاء کی قیمتوں میں (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 23)

بھارت پھر کوئی جھوٹا بیانیہ بنا کر پروپیگنڈا کریگا، شیری رحمٰن

مس ایڈونچر بھارت کا وطیرا رہا، بھارت بغیر شواہد کے الزامات پاکستان پر لگاتا، مقبوضہ جموں کشمیر مکمل طور پر چھاؤنی بن چکا ہے، بیان

بھارت آئے روز جنگ کا طبل بجا رہا ہوتا ہے اور بھارت کے لیڈرز پاکستان کے خلاف بات کر رہے ہوتے ہیں: رہنما پیپلز پارٹی

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کی سینیٹر شیری رحمٰن نے کہا ہے کہ مس ایڈونچر بھارت کا وطیرا رہا، پھر کوئی جھوٹا بیانیہ بنا کر پروپیگنڈا کرے گا، مقبوضہ جموں کشمیر مکمل طور پر چھاؤنی بن چکا ہے۔ جاری بیان میں سینیٹر شیری رحمٰن نے کہا کہ بھارت آئے روز جنگ کا طبل بجا رہا ہوتا ہے اور بھارت کے لیڈرز پاکستان کے خلاف بات کر رہے ہوتے ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ سیکیورٹی اور سیاسی سطح پر چوکنا رہنے کی ضرور ت ہے، ایل او سی پر رات (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 28)

عمر ایوب کی کامیابی کیخلاف درخواست الیکشن کمیشن میں سماعت کیلئے مقرر

اسلام آباد (این این آئی) قومی اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر عمر ایوب کی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 29)

گورنر سندھ کا کابھارت میں ادھورا علاج چھوڑ کر آئے بچے کا علاج کرانے کا اعلان

کراچی (این این آئی) گورنر سندھ کامران ٹیسوری نے بھارت میں (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 31)

فالز فلیگ آپریشن کی آڑ میں مودی نے بھارت میں آمریت نافذ کر دی، بیرسٹر سیف

پشاور (این این آئی) مشیر اطلاعات خیبر پختونخوا بیرسٹر ڈاکٹر سیف نے کہا (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 32)

عالمی برادری پہلگام واقعے کا نوٹس لے، چیئرمین کشمیر کمیٹی

پہلگام واقعہ کشمیریوں کی جدوجہد آزادی کو بدنام کرنے کی سازش لگتا ہے، رانا محمد قاسم نون

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین خصوصی پارلیمانی کمیٹی برائے کشمیر رانا محمد قاسم نون نے پہلگام واقعے پر شدید ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ پہلگام واقعہ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 30)



اسلام آباد: وفاقی وزیر صحت مصطفیٰ کمال پریس کانفرنس کر رہے ہیں

مسند بھرتیوں کی وجہ سے اس حالت کو پہنچے ہیں، حنیف عباسی

بدعنوانی کے کیسز ایف آئی اے کو بھجوائے جائیں گے، پنجاب فوڈ اتھارٹی کو ریلوے اسٹیشن پر چھاپے مارنے کی اجازت دیدی گئی

لاہور ریلوے اسٹیشن کا اچانک دورہ، صفائی کے ناقص انتظامات پر ڈویژنل میڈیکل افسر معطل، اسٹیشن ماسٹر لاہور کی بھی سرزنش

لاہور (این این آئی) وفاقی وزیر ریلوے محمد حنیف عباسی نے لاہور ریلوے اسٹیشن کا اچانک دورہ کیا اور صفائی ستھرائی کے ناقص انتظامات پر اظہار برہمی کرتے ہوئے ڈویژنل میڈیکل افسر صائمہ ممتاز کو معطل کر دیا، وفاقی وزیر نے اسٹیشن پر ملازمین کی غیر حاضری کا بھی نوٹس لیا اور اسٹیشن ماسٹر لاہور کی سرزنش کی۔ وزیر ریلوے حنیف عباسی کی جانب سے پنجاب فوڈ اتھارٹی کو چھاپے مارنے کی بھی اجازت دی، اب فوڈ اتھارٹی ریلوے اسٹیشنوں (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 33)



دبئی: وفاقی وزیر برائے پلاننگ احسن اقبال پاکستان بزنس کونسل کیساتھ میٹنگ کی صدارت کر رہے ہیں

بھارتی ایئر لائنز کیلئے پاکستانی فضائی حدود کی پابندی کو ایک ہفتہ مکمل

پابندی کی وجہ سے اب تک 850 سے زائد بھارتی پروازیں متاثر ہوئیں، ایوی ایشن ذرائع

کراچی (این این آئی) بھارتی ایئر لائنز کیلئے پاکستانی فضائی حدود کی پابندی کو ایک ہفتہ مکمل ہوگیا۔ ایوی ایشن ذرائع کے مطابق پابندی عائد ہونے سے دہلی، امرتسر، لکھنو، بنگلور (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 26)



لاہور: گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان کو لاہور ٹیکس بار کے صدر محمد آصف رانا ملاقات کے موقع پر یادگاری شیلڈ پیش کر رہے ہیں

ملک بھر کے صنعتی زونز پرائیویٹ سیکٹر کے سپرد کرنے کا فیصلہ

صنعتی زونز میں بجلی کی فراہمی، بلنگ اور ریکوری کے تمام معاملات پرائیویٹ سیکٹر کے ذمہ ہوں گے

لاہور (این این آئی) وفاقی حکومت نے ملک بھر کے صنعتی زونز کو مرحلہ وار طور پر نجی شعبے کے سپرد کرنے کا بڑا فیصلہ کر لیا۔ ذرائع کے مطابق فیصلے کے تحت صنعتی زونز میں بجلی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 27)

پنجاب میں اقلیتی طلبہ کے لئے ای لرننگ پروجیکٹ شروع کرنے کا فیصلہ

وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے وزیر اقلیتی امور رمیش سنگھ اروڑہ کو ٹاسک تفویض کر دیا

لاہور (این این آئی) پنجاب میں اقلیتی طلبہ کے لئے ای لرننگ وای روزگار پروجیکٹ شروع کرنے کا فیصلہ کر لیا گیا، وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے صوبائی وزیر اقلیتی امور (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 20)

پی آئی اے کا قبل از حج آپریشن کا آغاز، پہلی حج پرواز کراچی سے روانہ

پی آئی اے کے چیف آپریٹنگ آفیسر خرم مشتاق و دیگر اعلیٰ حکام نے عازمین حج کو رخصت کیا



کراچی: وزیر بلدیات سندھ سعید غنی ایکسپو سنٹر کراچی میں مختلف اسٹالز کا معائنہ کر رہے ہیں

کراچی (این این آئی) پی آئی اے کا قبل از حج آپریشن کراچی سے کامیابی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 22)

غزہ سے یرغمالیوں کو جلد از جلد نکالنے کے لیے کام کر رہے ہیں، ٹرمپ

واشنگٹن (این این آئی) امریکی صدر نے کہا ہے کہ ہم غزہ سے یرغمالیوں کو جلد از جلد نکالنے کے لیے کام کر رہے ہیں۔ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 25)

سندھ طاس معاہدے کی معطلی، پاکستان کا سفارتی ذرائع سے نوٹس دینے کا فیصلہ

امید ہے بھارت کو جلد اپنے فیصلے پر نظرثانی کرنا پڑے گی، ذرائع

اسلام آباد (این این آئی) بھارت کی جانب سے سندھ طاس معاہدے کی معطلی پر پاکستان نے باقاعدہ سفارتی ذرائع سے نوٹس دینے کا فیصلہ کر لیا۔ ذرائع کے مطابق سندھ طاس معاہدے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 15)



لاہور: نیدرلینڈ کی سفیر مسز بینی ڈی ورریس گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان سے ملاقات کر رہی ہیں

روزنامہ قوت لاہور
سٹی نیوز



حالیہ پاک بھارت کشیدگی پر افواج پاکستان سے مکمل اظہار یکجہتی کیلئے اسکام پاکستان پارٹی کے مرکزی وصوبائی رہنما پریس کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں

پاک بھارت حالیہ کشیدگی پر آئی پی پی رہنماؤں کی پریس کانفرنس، پاک فوج سے اظہار یکجہتی

عبدالعلیم خان کی قیادت میں "مشن دفاع وطن" میں پاک فوج کے ساتھ ہیں: شرکاء کی گفتگو

سرحدوں کا دفاع مضبوط ہاتھوں میں، مودی کی غلطی سے غزوہ ہند ہو سکتا: رہنماؤں کا اظہار خیال

لاہور (خبر نگار) پاکستان اور بھارت کے درمیان روں کشیدگی کے تمام پہلوؤں پر سیاسی جماعتوں نے افواج پاکستان اور قومی سلامتی کے اداروں کے ساتھ بھرپور اظہار یکجہتی کا سلسلہ شروع کر دیا ہے۔ اسی تناظر میں صوبائی دارالحکومت لاہور میں استحکام پاکستان پارٹی کی جانب سے پریس کانفرنس کا انعقاد کیا گیا جس میں دفاع وطن کے لئے آہنی دیوار کی طرح ایثار اور اتحاد و متحد افواج اور محافظان وطن کے حوصلوں کو بلند کیا گیا۔ پریس کانفرنس میں بھارتی دراندازی کی مذمت کی گئی اور شہدائے وطن کو خراج عقیدت پیش

ABC CERTIFIED
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض
روزنامہ قوت لاہور
"روزنامہ قوت لاہور" (3) 3 مئی 2025ء

ڈپٹی کمشنر حافظ آباد کا ڈی ایچ کیو ہسپتال، ٹراما سنٹر اور امتحانی مراکز کا دورہ

مریضوں کو دستیاب علاج معالجہ کی سہولیات، مفت ادویات کی فراہمی اور دیگر انتظامات کا جائزہ لیا



حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) ڈپٹی کمشنر حافظ آباد عبدالرزاق نے ڈی ایچ کیو ہسپتال، ٹراما سنٹر، امتحانی مراکز اور شہر کے مختلف علاقوں کا دورہ کرتے ہوئے صفائی ستھرائی، نکاسی آب اور دیگر انتظامات کا جائزہ لیا۔ ڈپٹی کمشنر نے ڈی ایچ کیو ہسپتال اور ٹراما سنٹر کا دورہ کیا۔ جہاں انہوں نے شعبہ ایمرجنسی، ان ڈور، آؤٹ ڈور، ایکسرے ڈیپارٹمنٹ، پرچی کاؤنٹر اور ہسپتال کے مختلف شعبہ جات کا دورہ کرتے ہوئے وہاں مریضوں کو دستیاب علاج معالجہ کی سہولیات، مفت ادویات کی فراہمی اور دیگر انتظامات کا جائزہ لیا۔ ہسپتال کے تمام شعبہ جات میں ڈاکٹرز اپنے معمول کے مطابق مریضوں کے چیک اپ اور علاج معالجہ میں مصروف تھے۔ ایم ایس ڈاکٹر رضوان علی تابش، انچارج ٹراما سنٹر ڈاکٹر محمد عتیق چودھری نے ڈپٹی کمشنر کو ڈاکٹرز، پیرا میڈیکل سٹاف اور نرسز کی حاضری سمیت مریضوں کو علاج معالجہ کی سہولیات کی فراہمی بارے بریفنگ دی۔ بعد ازاں ڈپٹی کمشنر نے گورنمنٹ مسلم ہائی سکول، گورنمنٹ ڈبل سیکشن گرلز ہائی سکول اور گورنمنٹ بوائز کالج کا دورہ کرتے ہوئے وہاں انٹر میڈیٹ کے امتحانات کے حوالے سے کیے جانے والے پرامن اور شفاف انتظامات کا جائزہ لیا۔ ڈپٹی کمشنر نے امتحانی مراکز کے سپرنٹنڈنٹ اور دیگر امتحانی عملہ کو ہدایت کی کہ کسی بھی غیر متعلقہ شخص کی سنٹر داخلہ پر مکمل پابندی عائد ہے اس لیے کسی بھی غیر متعلقہ شخص کو امتحانی مراکز داخلہ کی ہرگز اجازت نہ دی جائے اور اس بات کا خاص خیال رکھا جائے کہ امتحان دینے والے طلباء وطالبات نقل اور بوٹی مافیا سے مکمل اجتناب کریں۔ ڈپٹی کمشنر نے تھرا انتخاب پروگرام کے تحت علی پور روڈ، سیم نالہ روڈ، ڈیفنس روڈ اور ٹھیلہ روڈ سمیت شہر کے مختلف علاقوں کا دورہ کرتے ہوئے وہاں صفائی ستھرائی کے انتظامات اور نکاسی آب کے کاموں کا جائزہ لیا۔ ڈپٹی کمشنر نے ویسٹ مینجمنٹ کمپنی کے افسران کو گلی محلوں میں صفائی ستھرائی کے کاموں کو مزید بہتر بنانے کی ہدایت کی۔

بھارتی میڈیا خود ساختہ پہلگام حملہ پر پراپیگنڈہ بند کرے: میاں خرم اکرم

ملک وقوم کی سلامتی پر پاکستانی ایک پلیٹ فارم پر ہیں۔ ڈائریکٹر سیال



سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) جھوٹ پر مبنی پہلگام حملہ بھی بھارتی زہریلے میڈیا پراپیگنڈوں پر ہر پاکستانی نالاں ہے۔ پہلے کی طرح اب بھی بھارتی جھوٹا فالس فلیگ پروگرام جھوٹی سازش مکار وعیار بھارت کا خود ساختہ شاخسانہ ہے جناح اور پاکستان انشاء اللہ قائم دائم رہے گا۔ نام نہاد بھارتی میڈیا کے زہریلے پراپیگنڈہ میں اس واقعہ کی ذمہ داری بھی پاکستان پر ڈال دی ہے جبکہ بلوچستان میں چائنیز اور سی پیک میں را کا ایجنٹ پاکستان پیکسوں فورسز نے گرفتار کیا ہے۔ را کے سوشل میڈیا اکاؤنٹس و پاکستان مخالف بیہودہ لوگوں نے حملے کے فوری بعد پاکستان کے خلاف زہر اگلنا شروع کر دیا ہے۔ ان باتوں کا اظہار معروف بزنس مین میاں خرم اکرم ڈائریکٹر سیال نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کوئی ترنوالہ نہیں ہم زمہ دار ایٹمی طاقت اور پُرامن قوم ہیں ہیں یہ بھارت کا وطیرہ دنیا جانتی ہے کہ جب بھی کسی غیر ملکی سربراہ کا دورہ بھارت یا اہم موقع ہو یہ اپنا چورن بیچنے ہوئے فالس فلیگ کا ڈرامہ رچا کر دنیا کی توجہ مقبوضہ کشمیر میں بھارتی حکومت کے کشمیریوں پر جبر کی جدوجہد سے قابو سے باہر نکلتے حالات سے توجہ ہٹانا چاہتا ہے۔ بھارتی پروپیگنڈہ مکمل طور پر ناکام ہو چکی ہیں۔

جہلم ڈپٹی کمشنر جہلم نے ہائر سیکنڈری سالانہ امتحانات کے سلسلہ میں امتحانی مراکز پر دفعہ 144 کا نفاذ کر دیا

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم ڈپٹی کمشنر جہلم نے ہائر سیکنڈری سالانہ امتحانات کے سلسلہ میں امتحانی مراکز پر دفعہ 144 کا نفاذ کر دیا ہے جس کے تحت امتحانی مراکز پر غیر قانونی سرگرمی پر سخت کاروائی عمل میں لائی جائے گی۔ تفصیلات کے مطابق گیارہویں کلاس کے سالانہ امتحانات کے سلسلے میں ڈپٹی کمشنر جہلم میثم عباس نے امتحانی مراکز پر ایک ماہ کے لیے دفعہ 144 کے نفاذ کا حکم نامہ جاری کر دیا ہے جس کے مطابق امتحانی مراکز میں غیر متعلقہ افراد کے داخلے پر سخت پابندی ہوگی جبکہ امتحانی مراکز میں موبائل فون کے استعمال بوٹی یا نقل مافیا کی روک تھام، امتحانی مراکز کے قریب غیر ضروری افراد کے اجتماع اور ہر قسم کے اسلحہ وغیرہ پر سخت پابندی ہو یقینی بنایا جائے گا۔

پریس کلب شرقپور کے زیر اہتمام "پاک فوج زندہ باد" کے حق میں ریلی کا انعقاد

ریلی میں شرقپور کی صحافی برادری نے بھرپور شرکت کرتے ہوئے پاک فوج سے یکجہتی کا اظہار کیا



شرقپور شریف (نامہ نگار) پریس کلب شرقپور شریف (رجسٹرڈ) کے زیر اہتمام "پاک فوج زندہ باد" کے حق میں ریلی کا انعقاد کیا گیا جس کا آغاز بڑے اڈے شرقپور سے ہوا۔ ریلی میں شرقپور کی صحافی برادری نے بھرپور شرکت کرتے ہوئے پاک فوج سے یکجہتی کا اظہار کیا۔ ریلی کی قیادت صدر پریس کلب راؤ مزمل نے کی، جب کہ ان کے ہمراہ چیئرمین شرقپور میاں عمران علی اشرف، ڈاکٹر عبدالرؤف گجر، سید خاور عباس نقوی، چوہدری ظہور چیدھڑ، قاضی عتیق عبداللہ، محمد خان، شیخ طاہر، سید قلب عباس نقوی، سرپرست اعلیٰ ملک جاوید اقبال، جنرل سیکریٹری فضل قیوم خان، چیئرمین قربان علی شرقپوری، سید تمہاسب علی نقوی، عامر مجید نوشاہی، چمن خان، ڈاکٹر محمد شہباز شیخ پارہ، صورہ، سید اصغر علی کالمی محمد احمد جٹ، سید حسن رضا بخاری شاہ، نعمت اللہ جٹ اور ڈاکٹر طاہر رضا سمیت دیگر معززین شریک ہوئے۔ اس موقع پر اہل علاقہ کی بڑی تعداد نے بھی ریلی میں شرکت کی اور پاک فوج سے اظہار یکجہتی کرتے ہوئے قومی پرچم اور بیلے کارڈز اٹھا رکھے تھے۔ شرکاء نے نعرہ تکبیر، پاکستان زندہ باد اور پاک فوج زندہ باد کے فلک شگاف نعرے لگائے۔ صدر پریس کلب شرقپور شریف کے صدر راؤ مزمل نے خطاب کرتے ہوئے کہ انڈیا کسی قسم کی جارحیت کی تو منہ توڑ جواب دیا جائے گا۔

کیئر ویل ہسپتال کے زیر اہتمام خصوصی فری ہیلتھ کیمپ کا انعقاد

گوجرانوالہ (نوید بخاری سے) کیئر ویل ہسپتال اور پی کے ایل آئی کے اشتراک سے بروز بدھ کو ایک خصوصی فری ہیلتھ کیمپ کا انعقاد صبح 10 سے دوپہر 2 بجے تک کیا جا رہا ہے، جس میں ملک کے نامور اسپیشلسٹ ڈاکٹرز مریضوں کا معائنہ کریں گے۔ یہ کیمپ گوجرانوالہ پولیس کے تعاون سے عوام الناس کی سہولت کے لیے منعقد کیا جا رہا ہے۔ مفت چیک اپ کے اس سنہری موقع سے ضرور فائدہ اٹھائیں۔

سیف سٹی حکومت پنجاب کا بہترین اقدام ہے۔ خواجہ ٹیپو سلطان

بروقت اطلاع پر کرائم کنٹرول کاروائیوں سے جرائم میں کمی ہوئی



سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) سیالکوٹ سیف سٹی اتھارٹی کا قیام وزیر اعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز کا احسن اقدام ہے جس سے جرائم کو کنٹرول کرنے اور امن وامان کے قیام کیلئے پولیس کو جدید سہولیات اور ٹیکنالوجی کی مدد مل سکے گی۔ ان باتوں کا اظہار وزیر دفاع خواجہ محمد آصف کے پولیٹیکل سیکرٹری خواجہ ٹیپو سلطان نے سنیئر صحافیوں کیساتھ گفتگو کے دوران کیا۔ انہوں نے کہا کہ جدید دور میں جدید ٹیکنالوجی سے جرائم کو کنٹرول کرنے اور ایمرجنسی میں ضرورت مند افراد فوری مدد کیلئے سیف سٹی اتھارٹی کا کردار انتہائی موثر اور قابل تحسین ہے اس کے قیام سے ایکسپورٹ سٹی پہلے سے مزید محفوظ شہر بن گیا۔

جہلم روٹس ملینیم سکول میں مونٹیسری گریجویشن تقریب کا انعقاد

مہمان خصوصی چیف ایگزیکٹو آفیسر ہیلتھ ڈاکٹر میاں مظہر حیات، محمود صابری اور صاحبزادہ مبارک قاسم تھے

جہلم (بیورو چیف) جہلم روٹس ملینیم سکول میں مونٹیسری گریجویشن تقریب کا انعقاد، مہمان خصوصی چیف ایگزیکٹو آفیسر ہیلتھ ڈاکٹر میاں مظہر حیات، محمود صابری اور صاحبزادہ مبارک قاسم تھے پروگرام کی میزبانی کے فرائض پرنسپل مسز آمنہ فیصل بٹ، سیکشن ہیڈ آمنہ وقاص کیمپس مینیجر یاسر منظور سرانجام دیے نفیسات کے مطابق روٹس ملینیم سکول سٹی ہاؤسنگ سوسائٹی جہلم میں مونٹیسری گریجویشن تقریب کا انعقاد کیا اور پانچ سال کے بچوں کو مونٹیسری ایڈوانس ایئر سے گریڈ ون پر دموٹ ہونے پر مبارکباد پیش کی اور ان کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا گیا، پرنسپل محترمہ آمنہ فیصل، سیکشن ہیڈ مس آمنہ وقاص، کیمپس میجر یاسر منظور نے تقریب میں شرکت کرنے والے مہمانوں کو پھولوں کے گلدستے پیش کیے اور ویلکم کیا سکول کی پرنسپل مسز امنہ فیصل بٹ نے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ہمارے سکول کے پانچ سال کے بچوں کو مونٹیسری ایڈوانس ایئر سے گریڈ ون میں پر دموٹ ہونے پر بچوں کو اور ان کے والدین اور اساتذا کرام کو مبارکباد پیش کرتی ہوں جنہوں نے اسکول کے بچوں کو اچھی تعلیم دے کر آج ان کی خود پہچان بنائی کہ ہمارے سکول کے بچوں کو تعلیم کے ساتھ ساتھ اچھی تربیت کی جارہی ہے تاکہ آنے والے کل کو نونہال سکول شہر اور وطن عزیز کا نام روشن کر سکیں

یوبی ایل بنک کی برانچ کا افتتاح کر دیا گیا

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم ضلع کونسل اور خواتین کالج کے قریب یوبی ایل بنک کی برانچ کا افتتاح کر دیا گیا سرکاری اداروں اور علاقہ مکینوں نے یوبی ایل کی انتظامیہ کا شکریہ ادا کیا تفصیلات کے مطابق ضلع کچہری دفتر ضلع کونسل خواتین کالج سمیت کچہری سے ملحقہ آبادیوں میں بنک کی سہولت نہ ہونے کی وجہ سے سرکاری اداروں میں آنے والے سائلین اور علاقہ مکینوں کو قریب ترین سہولت نہ ہونے کی وجہ سے شاہدار چوک یا بلال ٹاؤن جانا پڑتا تھا یوبی ایل بنک کی سہولت میسر آنے پر سرکاری اداروں میں آنے والے سائلین اور علاقہ مکینوں نے یوبی ایل انتظامیہ کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ علاقے میں بنک کی اشد ضرورت تھی جو یبی ایل کی انتظامیہ نے علاقہ مکینوں کی ایک اور مشکل آسان کر دی ہے

جہلم ضلع کونسل اور خواتین کالج کے قریب

ڈاکٹر نعیم حمید کی جانب سے انجمن تاجران کے اعزاز میں پرتکلف ظہرانہ دیا گیا

تاجر برادری بازار کی بہتری کیلئے اچھا کام کر رہی ہے اتحاد میں ہی برکت ہے: تاجران صدر بازار نارنگ



نارنگ منڈی (میاں معظم سے) سرپرست اعلیٰ انجمن تاجران صدر بازار نارنگ ڈاکٹر نعیم حمید کی جانب سے انجمن تاجران کے اعزاز میں پرتکلف ظہرانہ دیا گیا جس میں سرپرست اعلیٰ امن کمیٹی تھانہ نارنگ چوہدری سخاوت علی ڈگرا نے خصوصی شرکت کی اور تاجر برادری کو کاروبار کی بہتری تاجر برادری کے اتحاد اور ناجائز منافع خوری کے خاتمے کیلئے تجاویز دیں تاجر برادری بازار کی بہتری کیلئے اچھا کام کر رہی ہے اتحاد میں ہی برکت ہے انجمن تاجران نے امن کمیٹی میں صدر بازار کے ممبران کی شمولیت پر شکریہ ادا کیا معاون سرپرست انجمن تاجران ڈاکٹر نعیم حمید صدر سیٹھ شاہد محمود اور جنرل سیکرٹری اعظم صابری نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ملکی معیشت کی بحالی کیلئے تاجر برادری کا کردار اہم ہے موجودہ ملکی صورتحال پر ہم پاک فوج اور سیکورٹی اداروں کے ساتھ کھڑے ہیں بھارت جان لے کہ ہم کسی بھی جارحیت کا جواب دینے کیلئے ہر طرح سے تیار ہیں پاکستان ایٹمی قوت ہے بھارت کو ناکوں چنے چبوا دیں گے۔

کرن صوبائی اسمبلی چوہدری خرم خان کی قیادت میں پاک فوج کے حق میں ریلی کا انعقاد

ریلی میں مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد، سیاسی، سماجی رہنما، تاجر، طلباء اور شہریوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی







پسرور (عاطف علوی سے) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے رکن صوبائی اسمبلی، چوہدری خرم خان ورک کی قیادت میں افواج پاکستان سے اظہار یکجہتی کے لیے زیلدار ہاوس ورک سے بڑیانہ حیدری چوک ایک پُرجوش ریلی کا انعقاد کیا گیا۔ ریلی میں مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد، سیاسی، سماجی رہنما، تاجر، طلباء اور شہریوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ ریلی کے شرکاء نے ہاتھوں میں قومی پرچم اور بینرز اٹھا رکھے تھے جن پر "پاک فوج زندہ باد" اور "ہماری فوج، ہمارا فخر" جیسے نعرے درج تھے۔ شرکاء نے پاک فوج کے حق میں فلک شگاف نعرے لگائے اور شہداء کو خراج عقیدت پیش کیا۔ چوہدری خرم خان ورک نے ریلی سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ "افواج پاکستان ملک کی سلامتی اور استحکام کی ضامن ہیں۔ ہم اپنی فوج کے ساتھ کھڑے ہیں اور ہر مشکل وقت میں ان کا ساتھ دیں گے۔" یہ ریلی ملک بھر میں افواج پاکستان سے اظہار یکجہتی کے لیے نکالی جانے والی ریلیوں کا حصہ ہے، جن کا مقصد قوم اور فوج کے درمیان مضبوط تعلق کو اجاگر کرنا ہے۔ ریلی پُرامن طریقے سے اختتام پذیر ہوئی، اور شرکاء نے اس عزم کا اظہار کیا کہ وہ ملک کی سلامتی اور خودمختاری کے لیے ہر قربانی دینے کو تیار ہیں۔



حافظ آباد شہر کی محلہ مبارک کالونی میں نکاسی آب کا سنگین مسئلہ

شہری شدید اذیت میں مبتلا، انتظامیہ سے جلد از جلد مسئلہ کے حل کا مطالبہ



حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) حافظ آباد شہر کی محلہ مبارک لونی میں نکاسی آب کا سنگین مسئلہ، ××× صاف ستھرا پنجاب ××× منصوبہ ناکام، شہری شدید اذیت میں مبتلا۔ تفصیلات کے مطابق محلہ مبارک لونی، مسجد یا رسول اللہ ﷺ اور مسجد الحدیث کے اردگرد علاقوں میں گندا پانی مسلسل جمع رہنے لگا ہے، جس کی وجہ سے علاقہ مکینوں کو شدید مشکلات کا سامنا ہے۔ بدبودار پانی کئی کئی دنوں تک کھڑا رہتا ہے، جس سے علاقے میں بیماریوں کا پھیلاؤ شروع ہو چکا ہے جبکہ مساجد میں نماز ادا کرنا بھی دشوار ہو گیا ہے۔ عوامی حلقوں کا کہنا ہے کہ مریم نواز کا ××× صاف ستھرا پنجاب ××× پروگرام اس علاقے میں مکمل طور پر ناکام ہو چکا ہے۔ ہائی پاڑی سی حافظ آباد اور سی او میونسپل کمیٹی کو شکایات بھیجی گئیں لیکن تاحال کوئی عملی قدم نہیں اٹھایا گیا۔ محلہ مبارک لونی اور حسن ٹاؤن کے رہائشیوں کا مطالبہ ہے کہ حکومت فوری طور پر اس مسئلے کا نوٹس لے اور نکاسی آب کے مسئلے کو حل کرنے کے لیے کسی قابل بھروسا پرائیویٹ کمپنی کو ٹھیکہ دیا جائے تاکہ سیوریج کی صفائی کا مستقل اور موثر بندوبست کیا جا سکے۔

ڈاکٹر نعیم حمید کی جانب سے انجمن تاجران کے اعزاز میں پرتکلف ظہرانہ دیا گیا

تاجر برادری بازار کی بہتری کیلئے اچھا کام کر رہی ہے اتحاد میں ہی برکت ہے: تاجران صدر بازار نارنگ

نارنگ منڈی (میاں معظم سے) سرپرست اعلیٰ انجمن تاجران صدر بازار نارنگ ڈاکٹر نعیم حمید کی جانب سے انجمن تاجران کے اعزاز میں پرتکلف ظہرانہ دیا گیا جس میں سرپرست اعلیٰ امن کمیٹی تھانہ نارنگ چوہدری سخاوت علی ڈگرا نے خصوصی شرکت کی اور تاجر برادری کو کاروبار کی بہتری تاجر برادری کے اتحاد اور ناجائز منافع خوری کے خاتمے کیلئے تجاویز دیں تاجر برادری بازار کی بہتری کیلئے اچھا کام کر رہی ہے اتحاد میں ہی برکت ہے انجمن تاجران نے امن کمیٹی میں صدر بازار کے ممبران کی شمولیت پر شکریہ ادا کیا معاون سرپرست انجمن تاجران ڈاکٹر نعیم حمید صدر سیٹھ شاہد محمود اور جنرل سیکرٹری اعظم صابری نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ملکی معیشت کی بحالی کیلئے تاجر برادری کا کردار اہم ہے موجودہ ملکی صورتحال پر ہم پاک فوج اور سیکورٹی اداروں کے ساتھ کھڑے ہیں بھارت جان لے کہ ہم کسی بھی جارحیت کا جواب دینے کیلئے ہر طرح سے تیار ہیں پاکستان ایٹمی قوت ہے بھارت کو ناکوں چنے چبوا دیں گے۔

ایڈیشنل کمشنر کوارڈینیشن ڈاکٹر سیف اللہ بھٹی کا ہڑپہ میوزیم کا دورہ

ہڑپہ میوزیم میں ریسٹ ہاؤس کی اپ گریڈیشن کے کام کا تفصیلی جائزہ لیا، تعمیراتی کام کے معیار کو ہر صورت برقرار رکھا جائے اور ٹائم لائن کے مطابق مکمل کیا جائے



ساہیوال (مہر اے ڈی نسیم سپرا سے) ایڈیشنل کمشنر کوارڈینیشن ڈاکٹر سیف اللہ بھٹی کا ہڑپہ میوزیم کا دورہ، ہڑپہ میوزیم میں ریسٹ ہاؤس کی اپ گریڈیشن کے کام کا تفصیلی جائزہ لیا، تعمیراتی کام کے معیار کو ہر صورت برقرار رکھا جائے اور ٹائم لائن کے مطابق مکمل کیا جائے، ڈاکٹر سیف اللہ بھٹی، کیوریٹر ہڑپہ میوزیم احمد نواز ٹپو نے کام کے حوالے تفصیلی بریفنگ دی۔ تفصیلات کے مطابق ایڈیشنل کمشنر کوارڈینیشن ڈاکٹر سیف اللہ بھٹی نے ہڑپہ میوزیم کا دورہ کیا اور میوزیم میں ریسٹ ہاؤس کی اپ گریڈیشن کے کام کا جائزہ لیا۔ واضح رہے کہ یہ منصوبہ ممبر پنجاب اسمبلی نوید اسلم خان لودھی نے حکومت پنجاب سے منظور کروایا ہے اور اس پر لاگت کا کل تخمینہ 5 کروڑ 70 لاکھ روپے لگایا گیا ہے۔ ڈاکٹر سیف اللہ بھٹی نے کہا کہ کام کے معیار کو ہر صورت برقرار رکھا جائے اور منصوبے کو مقررہ ٹائم لائن کے مطابق مکمل کیا جائے۔

پاکستان ذمہ دار ایٹمی ملک اور ہم امن پسند قوم ہیں: وقاص اکرم اعوان

کسی مس ایڈونچر کا افواج پاکستان بھرپور طاقت سے جواب دیں گی: معروف بزنس مین



سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) ہم بطور زمہ دار پاکستانی پہلگام افسوسناک واقعے میں ہوئی قیمتی جانوں کے ضیاع پر اظہار افسوس کرتے ہیں۔ پاکستانی قوم کو خود دہائیوں سے دہشت گردی کا سامنا ہے۔ پاکستان دنیا بھر میں ہونے والی ہر قسم کی دہشتگردی کی بھرپور مزمت کرتا ہے۔ افسوس ناک امر یہ ہے کہ پہلگام حملہ کی کسی قسم کی انکوائری یا تحقیق کے بغیر ہی افسوس ناک واقعے کا الزام محض چند گھنٹوں میں ہی پاکستان پر لگا دیا گیا۔ بھارت کے فالس فلیگ آپریشن کی بھونڈی حرکت پوری دنیا پر آشکار ہو چکی ہے۔ وزیر اعظم پاکستان کیجانب سے پہلگام واقعہ کی مذمت اور افسوسناک واقعہ کی انکوائری غیر جانبدارانہ کرانے کی دعوت دینا ہمارے اصولی موقف کی سچائی ہے۔ ان باتوں کا اظہار معروف بزنس مین وقاص اکرم اعوان سابقہ سنیئر نائب صدر سیالکوٹ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ ہم امن پسند زمہ دار ایٹمی ملک ہیں تاہم بھارت کی جانب سے کسی مس ایڈونچر کا افواج پاکستان بھرپور طاقت کیساتھ جواب دینگی۔ پاکستانی دلیر قوم اپنی حکومت وافواج پاکستان کے پیچھے کھڑی ہے۔

محکمہ ریونیو سے متعلق شکایات کے ازالہ کیلئے ڈپٹی کمشنر ریونیو ثانیہ صفی اجلاس کی صدارت کر رہی ہیں

محکمہ مال میں انتہائی اہم سرکاری امور سرانجام دیے جا رہے ہیں



جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم محکمہ ریونیو سے متعلقہ شکایات کے ازالے اور شہریوں کو سہولیات فراہم کرنے کے لیے کیے گئے اقدامات کا جائزہ لینے کے لیے ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو ثانیہ صفی کی زیر صدارت محکمہ مال کے افسران کا اجلاس ڈپٹی کمشنر آفس جہلم میں منعقد ہوا جس میں محکمہ مال کے افسران نے محکمہ کی جانب سے شہریوں کو انتقال ارانی فردات کا اجراء، ریونیو ریکارڈ کی کمپیوٹرائزیشن، سرکاری فیسوں کی وصولی اور دیگر معاملات پر بریفنگ دی اس موقع پر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو ثانیہ صفی نے کہا کہ محکمہ مال میں انتہائی اہم سرکاری امور سرانجام دیے جا رہے ہیں شہریوں کی شکایات کو کم کرنے اور ان کے محکمہ سے متعلقہ امور کو بہتر طریقے سے سرانجام دینے کے لیے تمام افسران کا اپنے دفاتر میں بروقت موجود ہونا اور غیر ضروری اعتراضات کو ختم کر کے شہریوں کے مسائل کو جلد از جلد حل کرنا ضروری ہے انہوں نے کہا کہ محکمہ مال سے متعلقہ کسی قسم کی شکایات کی صورت میں شہری متعلقہ تحصیلدار، اسسٹنٹ کمشنر یا ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو سمیت کسی بھی فورم پر بغیر کسی رکاوٹ کے رابطہ کر سکتے ہیں۔

گورنمنٹ گریجوایٹ کالج میں قائم ہونے والے بی آئی ایس پی سنٹر سے تعلیمی ماحول شدید متاثر ہونے لگا

بی ایس پروگرام میں زیر تعلیم سینکڑوں طالبات سمیت نہم و دہم، انٹرمیڈیٹ، اور مختلف یونیورسٹیوں کے امتحانات میں شریک طلباء وطالبات کو شدید مشکلات کا سامنا ہے



میاں چنوں (تحصیل رپورٹر) گورنمنٹ گریجوایٹ کالج میں قائم ہونے والے بی آئی ایس پی سنٹر سے تعلیمی ماحول شدید متاثر ہونے لگا، بی ایس کلاسز کی سینکڑوں طالبات کے لئے تعلیم کا حصول مشکل ہو گیا۔ تفصیلات کے مطابق گورنمنٹ گریجوایٹ کالج میاں چنوں میں کچھ عرصہ قبل سے بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام (BISP) کا سنٹر قائم کر دیا جاتا ہے جس کے باعث کالج کا تعلیمی ماحول شدید متاثر ہو رہا ہے، بی ایس پروگرام میں زیر تعلیم سینکڑوں طالبات نہم، دہم و انٹرمیڈیٹ، اور مختلف یونیورسٹیوں کے امتحانات میں شریک طلباء و طالبات کو شدید مشکلات کا سامنا ہے، شہریوں کا کہنا ہے کہ بی آئی ایس پی سنٹر بننے کے بعد ہزاروں خواتین کالج میں داخل ہو کر نہ صرف تدریسی سرگرمیوں میں خلل ڈالتی ہیں بلکہ جگہ جگہ گندگی پھیلا کر ماحول کو بھی خراب کر رہی ہیں، کالج کے باہر سیکڑوں افراد کی موجودگی نے طالبات کے لیے آنا جانا مشکل بنا دیا ہے، جس سے ان کی حاضری اور تعلیمی کارکردگی متاثر ہو رہی ہے۔ اس کے ساتھ ہی کالج کا قیمتی فرنیچر اور دیگر سامان بھی بے ترتیبی اور رش کے باعث ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہو چکا ہے، عوامی حلقوں، والدین، اور طلباء نے کمشنر ملتان، ڈپٹی کمشنر خانیوال اور شہر کے سیاسی قائدین سے مطالبہ کیا ہے کہ بی آئی ایس پی سنٹر کو فوری طور پر گریجوایٹ کالج میاں چنوں سے کسی متبادل جگہ منتقل کیا جائے، عوامی مطالبہ ہے کہ وزیر اعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز کے خواتین کی اعلیٰ تعلیم کے خواب کو حقیقت میں بدلنے کے لئے ایسے اقدامات کیے جائیں جو طالبات کو محفوظ، صاف ستھرا اور تعلیمی ماحول فراہم کر سکیں۔

وزیر اعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف کے وژن کے مطابق کمیونٹی پولیسنگ کے فروغ کیلئے عملی اقدامات جاری

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) وزیر اعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف کے وژن کے مطابق کمیونٹی پولیسنگ کے فروغ کیلئے عملی اقدامات جاری، ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عبداللہ احمد کی تھانہ صدر کے علاقہ راؤ باغ مدرسۃ الحسنین میں کھلی کچہری، ڈی پی او عبداللہ احمد نے شہریوں کے مسائل سنے اور حل کیلئے موقع پر احکامات دیے گئے لوگوں کے مسائل ان کی دہلیز پر حل کرنے کیلئے متعلقہ بھر میں کھلی کچہریوں کا انعقاد کیا جا رہا ہے، بہترین سروس ڈیلیوری کو یقینی بنانے کیلئے عملی اقدامات کیے جا رہے ہیں، اپنی نسلوں کو منشیات و دیگر معاشرتی برائیوں سے بچانے کیلئے عملی اقدامات کیے جا رہے ہیں، ڈی پی او عبداللہ احمد نے کہا ہے کہ شہری اپنے علاقوں میں ہونے والی کسی بھی جرائم کی صورت سے 15 یا متعلقہ پولیس اسٹیشن اطلاع دیں۔

ڈسٹرکٹ ایمرجنسی آفیسر انجینئر احتشام کی زیر صدارت ماہانہ کارکردگی اجلاس کا انعقاد

13723 غیر متعلقہ اور مس کالز، 431 معلوماتی، 25 رونگ کالز اور 24 فیک کالز تھیں

دیپالپور (زاہد عمران خاں تنجوعہ) ڈسٹرکٹ ایمرجنسی آفیسر انجینئر احتشام کی زیر صدارت ماہانہ کارکردگی اجلاس سنٹرل آپریشن اوکاڑہ میں منعقد ہوا۔ ڈسٹرکٹ ایمرجنسی آفیسر نے کارکردگی رپورٹ جاری کرتے ہوئے بتایا کہ ریسکیو 1122 اوکاڑہ کو گزشتہ ماہ کل 23566 کالز موصول ہوئی جس میں 5437 ایمرجنسی کالز تھیں۔ 13723 غیر متعلقہ اور مس کالز، 431 معلوماتی، 25 رونگ کالز اور 24 فیک کالز تھیں۔ ایمرجنسی کال کا تناسب 182 کالز فی دن تھا۔ 5437 ایمرجنسیز میں 1269 روڈ ٹریفک حادثات، 3554 میڈیکل، 100 آگ لگنے کے واقعات، 135 کرائم اور 441 متفرق قسم کے حادثات شامل تھے۔ روڈ ٹریفک حادثات میں 1537 افراد متاثر ہوئے جن میں 10 افراد زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے جان بحق ہوئے جبکہ 885 افراد کو موقع پر ہی ابتدائی طبی امداد دی گئی اور 642 متاثرین کو طبی امداد دیتے ہوئے ہسپتال میں منتقل کیا گیا۔ آگ لگنے کے 100 واقعات ہوئے جن میں 08 کمرشل ایریا، 09 رہائشی علاقے اور 83 دیگر ایریا پیش آئے آگ لگنے کی وجوہات میں شارٹ سرکٹ (23)، گیس لیکج (02)، دیگر (22)، فائر ورک (02) اور لاپرواہی (51) بنی۔ ان واقعات میں بروقت ریسپانس کرتے ہوئے تقریباً 80 ملین سے زائد کی پراپرٹی کو محفوظ کیا گیا۔ ریسکیو موٹر بائیک سروس کے ذریعے 3224 ایمرجنسیز پر 55.4 کے ایوریج ریسپانس ٹائم سے بروقت ریسپانس کرتے ہوئے 3363 افراد کو مدد فراہم کی گئی۔

وفاقی اور صوبائی حکومتیں مزدوروں کے مسائل ومشکلات کے حل پر خصوصی توجہ دیں: ملک عاشق

محنت کشوں کو بنیادی حقوق فراہم کئے بغیر معاشرہ آگے نہیں بڑھ سکتا مزدور ملکی معیشت کی ریڑھ کی ہڈی ہے

تخت پورہ (بیورو رپورٹ) معروف سیاسی سماجی شخصیت وسابق چیئرمین تحصیل کونسل ملک عاشق حسین گڈو نے کہا ہے کہ وفاقی اور صوبائی حکومتیں مزدوروں کے مسائل ومشکلات کے حل پر خصوصی توجہ دیں محنت کشوں کو بنیادی حقوق فراہم کئے بغیر معاشرہ آگے نہیں بڑھ سکتا مزدور ملکی معیشت کی ریڑھ کی ہڈی ہے جسے نظر انداز کر کے معاشی ترقی کے اہداف حاصل نہیں کئے جا سکتے، مزدوروں کا بنیادی سہولیات سے محروم ہونا حکومتی کارکردگی پر سوالیہ نشان ہے صنعتوں کے ساتھ ساتھ زرعی مزدوروں، کسانوں اور خواتین ورکرز کی فلاح و بہب

DAILY QUWAT
ایڈیٹوریل
quwateditorial786@gmail.com
نوٹ: ادارہ تمام کالم نیک نیتی کی بنیاد پر شائع کرتا ہے لہٰذا کسی بھی کالم نگار کی رائے سے ادارے کا متفق ہونا ضروری نہیں

پاکستان کے خلاف ایک اور جنگ سے ہٹتی مودی کی نئی حکمتِ عملی

عقلِ کل ہونے کا میں دعوے دار کبھی نہیں رہا۔ غلطی انسانی فطرت کا حصہ ہے۔ یہ اعتراف کرنے کو لہٰذا مجبور ہوں کہ میری سوچ کے برعکس بھارت کا وزیر اعظم نریندر مودی مقبوضہ کشمیر کے پہل گام میں ہوئے دہشت گردی کے واقعے کا سارا الزام پاکستان پر دھرنے کے بعد اب ہمیں فوری طور پر ''سبق'' سکھانے کے اقدامات لینے سے کترا رہا ہے۔ موصوف کا اس ضمن میں اپنایا انداز اگرچہ نہایت مکارانہ ہے۔

بھارت میں کسی بھی ملک کے خلاف قومی سلامتی کے نام پر جارحانہ اقدامات لینے کا فیصلہ وہاں کی کابینہ کی ایک خصوصی کمیٹی کرتی ہے۔ وزیر اعظم کی صدارت میں قائم اس کمیٹی کے اراکین میں فقط وزیر دفاع، وزیر داخلہ، وزیر خارجہ اور وزیر خزانہ شامل ہوتے ہیں۔ مسلح افواج کے سربراہان مذکورہ کمیٹی کے اجلاس میں شریک نہیں ہوتے۔ قومی سلامتی کا مشیر بھی فقط ''خصوصی دعوت'' پر بلایا جاتا ہے۔ یہ الگ بات ہے کہ 2019ء میں پلوامہ پر ہوئے دہشت گرد حملے کے بعد سے اس کمیٹی کے اجلاس میں نریندر مودی کا چہیتا مشیر برائے قومی سلامتی اجیت دوول مستقل رکن کی طرح شریک ہوا نظر آتا ہے۔

پہل گام واقعہ کے بعد بھارتی کابینہ کی اس کمیٹی جسے کیبنٹ کمیٹی برائے سلامتی (CCS) کہا جاتا ہے کا اجلاس ہوا۔ اس کے دوران یہ طے ہوا کہ ورلڈ بینک کی رہ نمائی اور معاونت سے طے ہوئے سندھ طاس معاہدے پر عملدرآمد روک دیا جائے۔ اس کے علاوہ بھارت نے اپنے ہاں مقیم پاکستانی سفارت کاروں کی تعداد 30 تک محدود کرنے کا تقاضہ کیا۔ پاکستانیوں کے لئے ہر نوعیت کے ویزے بھی فی الفور منسوخ کردئے گئے۔ ان میں سے سب سے زیادہ اہم میری دانست میں وہ ویزے تھے جو متوسط طبقے کے پاکستانیوں کو جگر اور معدے میں پیوند کاری کے لئے جاری کئے گئے تھے۔ انسانی ہمدردی کے تقاضوں کو بھلاکر میڈیکل ویزہ پر آ ئے تمام پاکستانیوں کو 29 اپریل تک بھارت چھوڑنے کا حکم ملا۔

موذی امراض کے علاج کے لئے بھارت گئے پاکستانیوں کو سفاکانہ انداز میں وطن لوٹنے کی حتمی تاریخ دیتے ہوئے مودی سرکار نے یہ پیغام دیا کہ وہ 29 اپریل کے بعد پاکستان کے خلاف کوئی جارحانہ اقدامات لینا چاہ رہی ہے۔ غالباً اسی باعث پاکستان کے وزیر اطلاعات نے منگل اور بدھ کی درمیانی رات دو بجے کے قریب پاکستانیوں کو خبردار کیا کہ آئندہ 24 سے 36 گھنٹوں میں بھارت کوئی جارحانہ قدم اٹھاسکتا ہے۔ 29 اپریل کو مگر عمومی روایات سے ہٹ کر بھارتی وزیر اعظم نے براہ راست اپنے وزیر دفاع اور سیریر برائے قومی سلامتی کی موجودگی میں مسلح افواج کے سربراہان پر مشتمل ایک اجلاس کی صدارت کی۔ اس کے اختتام پر ایک غیر ملکی خبر رساں ایجنسی کے ذریعے دنیا کو یہ ''خبر'' دی گئی کہ بھارتی وزیر اعظم نے اپنی افواج کے سربراہان کو ''کھلا ہاتھ (Free Hand)'' دینے کا فیصلہ کیا ہے۔ انہیں یہ اختیار فراہم کردیا گیا ہے کہ وہ ازخود پاکستان کے خلاف پہل گام میں ہوئی دہشت گردی کے واقعات کا بدلہ لینے کے ''انداز، اہداف اور وقت'' کا تعین کریں۔

جس انداز میں یہ خبر چھپوائی گئی اس نے دنیا کو یہ پیغام دیا کہ شاید 29 اپریل گزر جانے کے بعد بھارتی افواج کو پاکستان پر چڑھ دوڑنے کا حکم جاری کردیا گیا ہے۔ ذاتی طور پر میں نریندر مودی کے انتہا پسندانہ نظریات سے آگاہ ہوتے ہوئے اس ''خبر'' کے لئے تیار تھا۔ بھارت کے سیاسی نظام پر دو سے زیادہ دہائیوں تک توجہ مبذول رکھتے ہوئے بھی مگر یہ سوچ ہی نہ پایا کہ بھارتی وزیر اعظم نے کابینہ کی خصوصی کمیٹی برائے قومی سلامتی کو نظر انداز کرتے ہوئے اپنی افواج کے سربراہان سے براہ راست ملاقات کیوں کی ہے۔ ان سے ملاقات کے بعد پاکستان کے خلاف حتمی فیصلہ سازی کا اختیار ان کے سپرد کردینا بھی حیران کن تھا۔ بھارت اپنے ہاں فیصلہ سازی پر ''سول سپریمیسی'' یا منتخب حکومت اور دیگر سویلین اداروں کی بالادستی پر بہت نازاں محسوس کرتا ہے۔ اس کے علاوہ نریندر مودی بھی بطور وزیر اعظم ہر معاملے پر ذاتی نگاہ رکھنے کا عادی ہے۔ اس تناظر کو ذہن میں رکھتے ہوئے میرے ذہن میں سوال یہ اٹھنا چاہیے تھا کہ پاکستان کے خلاف کوئی جارحانہ اقدام اٹھانے کے لئے ''وقت اور طریقہ کار'' کا اختیار بھارتی فوج کے حوالے کیوں کردیا گیا ہے۔ ذہن میں یہ سوال اٹھنا تو شاید میں یہ بھی سوچ سکتا تھا کہ نریندر مودی ''پاکستان کو سبق سکھانے'' کی ذمہ داری اپنے کاندھوں سے ہٹا کر اپنی افواج کے سر منڈھل کررہا ہے۔ ''عقلِ کل'' کی طرح سوچتے ہوئے اس رائے پر قائم رہا کہ بھارت پاکستان کے ساتھ جنگ چھیڑنے کی جلدی میں ہے۔

بدھ 30 اپریل کو مگر بھارتی کابینہ کی ایک اور خصوصی کمیٹی کا اجلاس ہوا۔ اس کمیٹی کو ''کیبنٹ کمیٹی برائے سیاسی امور'' کہا جاتا ہے۔ اس کے اجلاس کے اختتام پر ایک حیران کن فیصلے کا اعلان ہوا۔ حیران کن فیصلہ یہ ہے کہ بھارت میں آ ئندہ مردم شماری کرواتے ہوئے یہ جاننے کی بھی کوشش کی جائے گی کہ آ بادی میں اونچی اور نچلی ذاتوں کا تناسب کیا ہے۔ اس کے علاوہ گھرانوں کی آ مدنی کے حوالے سے ''شناخت'' بھی طے کرنے کی کوشش ہوئی۔ پاک-بھارت کشیدگی کی انتہا کے دنوں میں بھارتی کابینہ کی جانب سے آ یا یہ فیصلہ حیران کن اس وجہ سے بھی ہے کیونکہ نریندر مودی کی بھارتیہ جنتا پارٹی کے سیاسی عروج کی اصل وجہ 1980ء کی دہائی میں ہوا یہ فیصلہ تھا کہ سرکاری ملازمتوں کا 27 فی صد حصہ ہر صورت نچلی اور پسماندہ تصور ہوتی ذاتوں سے تعلق رکھنے والوں کیلئے مختص کیا جائے۔ اونچی ذات کے نمائندوں پر مشتمل حکومتیں اس فیصلے کے اطلاق کی لیت ولعل سے کام لیتی رہیں۔ 1990ء کی دہائی میں لیکن ایک وزیر اعظم تھے۔ جیسا کہ ان کے نام سے ظاہر ہے وہ ٹھاکر تھے جو اونچی جات کہلاتی ہے۔ موصوف نے منڈل کمیشن کہلاتے ایک ادارے کی جانب سے 27 فی صد والے فیصلے پر سختی سے عملدرآمد کروانا شروع کردیا۔ اونچی جات کے برہمنوں نے اس وزیر اعظم کے خلاف خود کشیوں سے احتجاج کیا۔ وی پی سنگھ کے خلاف جو احتجاج ہورہا تھا بھارتیہ جنتا پارٹی نے اس میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیا۔ اونچی جات کی ترجمان نظرآ نے کے بجائے بی جے پی یہ دعویٰ کرتی رہی کہ 27 فی صد والا فیصلہ درحقیقت ہندو اکثریت میں ذات کی بنیاد پر تقسیم پیدا کرتا ہے۔ اس تقسیم سے فائدہ اٹھاکر نچلی ذات کی نمائندگی کی دعوے دار جماعتیں مسلمانوں کے ''نخرے'' اٹھاتے ہوئے ''سیکولرازم'' کے نام پر ایسی حکومتیں قائم کرتی ہیں جو ''میرٹ'' کو کچلتے ہوئے ''بری حکومت'' کے نظام کو مضبوط تر بناتی ہیں۔ اس کہانی کی بنیاد پر بی جے پی ''ہندو یکجہتی'' کی ترجمان جماعت تصور ہوئی اور ''سیکولرازم'' کے خلاف کامیابی سے لڑتی رہی۔ اب اسے پاکستان کیخلاف ''جنگ'' لڑنا تھی مگر مودی نے آ ئندہ اکتوبر-نومبر کے دوران بہار کے صوبائی انتخابات جیتنے کے لئے اپنے اتحادی نتیش کمار کے مطالبے پر نئی مردم شماری کروانے کا اعلان کردیا ہے۔ پاکستان کیخلاف ایک اور جنگ چھیڑنے کی ذمہ داری سے یوں جند چھڑالی ہے۔

قوم ہمیشہ امتحانوں میں سرخرو ہوئی ہے

افواج پاکستان مکمل تیار ہے ہر اس امتحان کے لیے جو پاکستان کی بقا کے لیے ہو پوری قوم ہر مشکل سے مشکل وقت میں تمام سیاسی اختلافات سے بالاتر ہو کر متحد ہوئی اور ایک کام کے لیے ایک جذبے کے ایک نعرے کے لیے ریاست کی بقا کے لیے پاک دھرتی کے تحفظ کے لیے ہر قدم افواج پاکستان کیساتھ مجھے یقین ہے کہ بھارت کبھی بھی پاکستان کی طرف نہیں بڑھے گا کیونکہ جنگیں جذبوں سے جیتی جاتی ہیں ہتھیاروں سے صرف تباہی کی جاسکتی ہے فلسطینیوں نے دنیا کو دکھادیا ہے کہ جذبے کو شکست نہیں دی جاسکتی اسلحے سے ہلاکتیں ہوسکتی ہیں وہ بھارت کی پاکستان سے دس گنا زیادہ ہوں گی پاکستان امن کا داعی ہے عالمی قوانین پر عمل اور یقین رکھتا ہے پاکستان کی خودمختاری اور سلامتی کیلئے کسی بھی حد تک جائیں گے، ہم نے جوابی کارروائی کے تمام اقدامات مکمل کرلئے ہیں

پاک فوج مشرقی اور مغربی سرحدوں پر چوکنا ہے، فضا سے زمین اور سمندر تک ہر محاذ پر جواب دینے کیلئے تیار ہیں، فوج، فضائیہ اور نیوی ہر وقت تیاری میں مصروف ہے، ہم ہر قسم کے چیلنج سے نمٹنے کیلئے تیار ہیں، حملہ کہاں ہوگا یہ بھارت کا انتخاب ہوگا، آگے کہاں جانا ہے یہ ہم بتائیں گے، ہم تیار ہیں، ہمیں آزمانا نہیں۔ پہل گام حملے کے بعد پاکستان پر الزام تراشی کرنے والے سوشل میڈیا اکاؤنٹس جعفر ایکسپریس حملے میں بھی استعمال ہوئے، یہ سوشل میڈیا اکاؤنٹس بھارتی انٹیلی جنس ایجنسی کے سائے تلے چلائے جارہے ہیں جن پر جعفر ایکسپریس حملے سے متعلق ایک روز قبل ٹویٹس کی جاتی ہیں اور اگلے روز حملہ ہوجاتا ہے، بھارت پاکستان میں دہشتگردی میں ملوث ہے، بلوچستان میں دہشتگردی میں بھارت کے ملوث ہونے کے ثبوت ہیں، پاکستان کی خودمختاری اور سلامتی کیلئے کسی بھی حد جائیں گے۔

بھارت الزام تراشی کررہا ہے کہ اس حملے میں پاکستان کا ہاتھ ہے، پہل گام پاکستانی حدود سے 230 کلومیٹر دور ہے، اگر آپ علاقے کو دیکھیں تو یہ پہاڑی علاقہ ہے، مشکل گزار راستوں سے بھرا ہوا ہے، یہاں گھوڑوں پر سوار ہوکر یا جیپ پر ہی جایا جاسکتا ہے، جس جگہ واقعہ ہوا وہاں سے پولیس سٹیشن جانے میں تیس منٹ درکار ہیں، تو یہ کیسے ممکن ہے کہ پولیس وہاں پر تھی، حالات کا جائزہ لیا اور اس کے بعد انہوں نے پولیس سٹیشن پہنچ کر مقدمہ درج کیا، یہ دس منٹ میں کیسے ممکن ہے؟۔ واقعہ کے مقدمے میں درج تفصیلات نے بھی کئی سوالات کھڑے کردیئے ہیں، ایف آئی آر میں کہا گیا کہ ان دہشتگردوں کے ہینڈلرز سرحد کے پار دوسری جانب تھے، انہوں نے صرف دس منٹ میں یہ اندازہ کیسے لگالیا؟، جب یہ واقعہ ہوا تو اس کی کوئی انٹیلی جنس نہیں تھی لیکن جیسے ہی واقعہ ہوجاتا ہے تو صرف دس منٹ میں اتنی انٹیلی جنس ہوتی ہے کہ انہوں نے یہ اخذ کرلیا کہ ان کے ہینڈلرز سرحد پار سے تھے؟۔ ڈی جی آئی ایس پی آر نے کہا کہ واقعہ کے بعد تین بج کر پانچ منٹ پر بھارتی انٹیلی جنس ایجنسی کی پشت پناہی میں چلنے والے سوشل میڈیا ہینڈلز پر پاکستان پر الزام لگانا شروع کردیا گیا، اس کے بعد الیکٹرانک میڈیا نے بھی یہی الزامات لگانا شروع کردیئے، جبکہ کوئی ثبوت پیش نہیں کیا گیا۔ چار بجے وہ پراعتماد تھے کہ یہ حملہ مسلمان حملہ آور نے کیا ہے

ہمارا موقف ہے کہ دہشتگرد کا کوئی مذہب نہیں ہے، یہاں کوئی اسلامک، ہندو یا کرسچن دہشتگرد نہیں ہے، کیونکہ دہشتگرد کا کوئی مذہب نہیں ہوتا۔ الزام تراشی کے بجائے بھارتی حکومت کو سوالوں کے جواب دینا ہوں گے، دہشتگردی واقعات کو سیاسی مقاصد کیلئے استعمال کرنا بھارت کا وطیرہ ہے، بھارت دہشتگردی کے خلاف پاکستان کی کامیابیوں کو سبوتاژ کرنا چاہتا ہے، پہل گام واقعے کو سندھ طاس معاہدے کیخلاف استعمال کیا جارہا ہے

بھارتی انٹیلی جنس ایجنسی کی پشت پناہی میں چلنے والے سوشل میڈیا اکاؤنٹس جو پہل گام واقعہ پر پاکستان پر الزامات لگارہے تھے یہی سوشل میڈیا اکاؤنٹس جب میانوالی میں چار نومبر 2023 کو حملہ ہوا تو پیشگوئیاں کررہے تھے، میانوالی میں دہشتگرد حملے سے ایک دن پہلے یہی سوشل میڈیا اکاؤنٹس کہہ رہے تھے کہ کل بہت بڑا دن ہے، اس لیے آج جلدی سونے جارہے ہیں، اگلے دن صبح یہی اکاؤنٹس کہتے ہیں گڈ مارننگ میانوالی۔ ڈی جی آئی ایس پی آر کے مطابق یہاں ہم دیکھتے میانوالی میں دہشتگرد حملہ فتنہ الخوارج کی جانب سے کیا جاتا ہے، اس کے بعد 6 اکتوبر 2024 کو کراچی میں چینی شہریوں پر حملہ کیا جاتا ہے، حملے سے قبل یہی سوشل میڈیا اکاؤنٹس پر ٹویٹ کیا جاتا ہے کہ اگلے چند گھنٹوں میں بڑا دن ہے۔ اس کے بعد ایک اور ٹویٹ کیا جاتا ہے جس میں کہا جاتا ہے کہ کراچی میں بڑا دھماکہ، مزید تفصیلات آرہی ہیں۔

سات اکتوبر کی صبح ایک اور ٹویٹ کیا جاتا ہے جس میں کہا جاتا ہے کہ کراچی ایئرپورٹ کے قریب ایک آئی ای ڈی دھماکہ ہوا ہے، ایک گاڑی غیر ملکیوں کو لے جارہی تھی، ایک غیر ملکی زخمی ہوا ہے جبکہ ایک جاں بحق۔ ڈی جی آئی ایس پی آر نے انکشاف کیا کہ حالیہ جعفر ایکسپریس حملے میں بھی یہی سوشل میڈیا اکاؤنٹس پر پیغامات جاری کئے جاتے ہیں، جن میں کہا گیا ہے کہ اپنی نظریں آج اور کل پاکستان پر جمائے رکھو، اس کے بعد جعفر ایکسپریس پر حملہ کیا جاتا ہے۔

پاکستان کی خودمختاری اور سلامتی کیلئے کسی بھی حد تک جائیں گے، ہم نے جوابی کارروائی کے تمام اقدامات مکمل کرلئے ہیں، پاک فوج مشرقی اور مغربی سرحدوں پر چوکنا ہے، فضا سے زمین اور سمندر تک ہر محاذ پر جواب دینے کیلئے تیار ہیں، فوج، فضائیہ اور نیوی ہر وقت تیاری میں مصروف ہے، ہم ہر قسم کے چیلنج سے نمٹنے کیلئے تیار ہیں، حملہ کہاں ہوگا یہ بھارت کا انتخاب ہوگا، آگے کہاں جانا ہے یہ ہم بتائیں گے

پاکستان نے ہمیشہ بہت حوصلے کیساتھ اور صبر اور کسی بھی قسم کی دراندازی سے دور رہنے اور عالمی قوانین کا احترام کیا ہے مجھے یقین ہے کہ بھارتی جس طرح سفارتی محاذ پہ ناکام ہوا ہے اور اب انکے اپنے ایڈوائزر مودی کو کہہ رہے ہیں مودی جی جانیں دیں ورنہ یہ شائنگ انڈیا ڈارک بھارت میں تبدیل ہوجائے گا جس کی پاکستان پوری صلاحیت رکھتا ہے ہم تو ویسے بھی اپنی دھرتی کے لیے جان ہتھیلی پہ لیے پھرتے ہیں قدم بڑھاؤ مجاہد وہم تمھارے ساتھ ہیں مگر ایسے ماحول میں خواجہ آصف کو انڈین میڈیا سے متاثر ہوکہ انکی زبان میں جواب نہیں دینا چاہیے تھا مذبرکا تقاضا ہے کہ دشمن کو میدان میں شکست دیں۔

تنہا۔ سابق مشرقی پاکستان پر لکھا گیا اثر انگیز ناول

تحریر: ڈاکٹر اصغر دشتی

خوبصورتی کا تصور ہمیشہ سے انسانی سماج کا حصہ رہا ہے لیکن جدید دور میں یہ تصور خاص طور پر خواتین کے لیے ایک گہرا نفسیاتی بوجھ بن چکا ہے۔ پرنٹ و الیکٹرانک میڈیا، فلموں، ٹی وی ڈراموں، اشتہارات، سوشل میڈیا اور فیشن انڈسٹری نے اس تصور کو ایک مخصوص معیار میں قید کر دیا ہے جس میں چمکتی ہوئی جلد، گوری رنگت، دبلا پتلا جسم، متناسب چہرہ، اور جدید طرزِ لباس شامل ہیں۔ خواتین کی اکثریت جو ان مصنوعی معیارات پر پورا نہیں اترتیں وہ سماجی دباو کی وجہ سے احساسِ کمتری کا شکار رہتی ہیں۔ بدقسمتی سے ہمارے ہاں ان معاملات اور مسائل کو کبھی بھی بامعنی گفتگو یا مکالمے حصہ نہیں بنایا گیا کہ آخر یہ جمالیاتی معیارات ہیں کیا؟ ان کی تشکیل کس طرح کی جاتی ہے؟ دنیا میں خوبصورتی کا معیار کبھی بھی فطری، واحد یا مستقل نہیں رہے ہیں۔ ہر تہذیب نے اپنے سماجی، ثقافتی اور تاریخی سیاق وسباق کے مطابق خوبصورتی کے مختلف معیارات وضع کیے ہیں۔ یونانی دور میں حسن جسمانی توازن اور ہم آہنگی سے منسلک تھا۔ برصغیر میں بڑی آنکھیں اور لمبے گھنے سیاہ بال حسن کی علامت سمجھے جاتے تھے جبکہ افریقی معاشروں میں چوڑی ناک، موٹے ہونٹ اور خواتین کا فربہ جسم خوبصورتی کی علامت تھے۔ اسی طرح عرب ثقافت میں بھی فربہ مضبوط جسم اور خوبصورت آنکھوں کو حسن کی علامت سمجھا جاتا ہے۔

لیکن آج کے دور میں مغربی دنیا کا گورا اور دبلا حسن کا تصور پوری دنیا میں ایک غالب معیار کے طور پر نافذ کیا جاچکا ہے۔

انیسویں صدی کے نو آبادیاتی دور میں یورپی طاقتوں نے مغربی جمالیات کو منصوبہ بندی کے تحت ایک عالمی معیار کے طور پر مسلط کیا۔ غیر مغربی غیر یورپی خوبصورتی کو کمتر اور پس ماندہ قرار دیا گیا اور بیسویں صدی میں میڈیا اور اشتہارات کے ذریعے اس عالمی حسن کے تصور کو تجارتی بنادیا گیا۔ خوبصورتی نہ صرف ایک دیکھنے کی چیز بنی بلکہ سرمایہ دارانہ منڈی میں تبدیل ہوگئی۔ ایک ایسی مصنوعی جنس جسے پیدا بھی کیا جاسکتا ہے اور بیچا بھی جا سکتا ہے جسے Commodification of Beauty کہا جاتا ہے۔ موجودہ دور میں یہی جبری خوبصورتی کا تصور خواتین کے لیے ایک شدید نفسیاتی چیلنج بن گیا ہے۔ جب سماج عورت کی قدر و قیمت کو محض اس کے جسمانی معیار سے جوڑ دیتا ہے تو خواتین مسلسل اپنا موازنہ ان معیارات سے کرنے پر مجبور ہو جاتی ہیں۔ وہ خود سے پوچھتی ہیں کیا میری جلد چمکدار ہے؟ کیا میری رنگت گوری ہے؟ کیا میں کافی دبلی ہوں؟ کیا میرا جسم قابلِ قبول ہے؟ یہ مستقل خود احتسابی اور جسمانی جانچ اضطراب، ڈپریشن، مایوسی، احساس کمتری، شرمندگی اور جسم سے نفرت جیسے ذہنی مسائل کو جنم دیتی ہے۔

باڈی شیمنگ، جسمانی خد و خال پر منفی تبصرے اور تضحیک اس مسئلے کو مزید پیچیدہ بناتی ہے۔ یہ عمل صرف مردوں تک محدود نہیں بلکہ خواتین بھی ایک دوسرے پر یہی سماجی دباو ڈال کر اس نظام کو دوام دیتی ہیں۔ پختہ خواتین اپنی فطری شناخت کو ترک کرنے پر مجبور ہو جاتی ہیں۔ وہ معیاری حسن کو پانے کے لیے گورا کرنے والی کریمیں، بال سیدھا کرنے کی تکنیک، یا حتی کہ کاسمیٹک سرجری کا بھی سہارا لیتی ہیں۔ یہی دباو سماجی سطح پر تعلیمی اور پروفیشنل جگہوں پر بھی موجود ہوتا ہے جہاں خوبصورتی کو اکثر و بیشتر کامیابی سے جوڑ دیا جاتا ہے۔

خوبصورتی کے یہ معیارات درحقیقت طاقتور ثقافتی، معاشی اور سیاسی اداروں کی تشکیل ہوتے ہیں۔ جو میڈیا، فیشن، اور اشتہارات کے ذریعے مخصوص جمالیاتی تصورات کو فروغ دیتے ہیں۔ یہ معیار نہ فطری ہوتے ہیں نہ معصوم بلکہ یہ سرمایہ داری کے اس جبر کا حصہ ہیں جو انسانی جسم، خاص طور پر خواتین کے جسم کو منڈی کی شے میں بدل دیتا ہے۔ مغربی جمالیات کو عالمی بنا کر مقامی ثقافتوں پر مسلط کیا جاتا ہے اور اسے قبول کرنے پر مجبور کیا جاتا ہے۔ جس کے نتیجے میں خوبصورتی کا تصور ایک یونیورسل نو آبادیاتی معیار میں ڈھل جاتا ہے۔ یہ معیار نہ صرف خواتین کی شناخت اور انفرادیت کو محدود کرتی ہیں بلکہ یہ ان کی ذہنی و جسمانی خودمختاری پر براہِ راست حملہ بھی ہے۔

اس لیے خوبصورتی کا تصور محض ذاتی پسند یا فطری کشش نہیں بلکہ ایک گہری سیاسی، ثقافتی اور معاشی ساخت (Construct) کا حصہ ہے جسے سمجھنے اور چیلنج کرنے کی ضرورت ہے۔ اس کے علاوہ تمام آرائشی و زیبائشی طریقے جیسے فیس لفٹ، فلرز، کاسمیٹک سرجری، اور بوٹوکس درحقیقت صرف خوبصورتی کے نام پر خواتین پر ایک مہنگا اور مصنوعی نظام مسلط کرتے ہیں۔ یہ طریقے مغربی اور سرمایہ دارانہ جمالیات کو ایک آفاقی معیار کے طور پر پیش کر کے خواتین کے جسم کو نہ صرف کمرشلائز کرتے ہیں بلکہ ان کی خودی، انفرادیت اور فطری شناخت کو منظم طور پر مسخ کرتے ہیں۔ عمر رسیدگی، جھریاں، سانولا رنگ، اور فطری خدوخال جو انسانی زندگی کی فطری اور قابلِ احترام کیفیات ہیں انہیں مسئلہ یا کمزوری بنا کر بیوٹی انڈسٹری اربوں ڈالر کماتی ہے۔ اس عمل میں عورت کو مسلسل اپنے جسم سے عدم اطمینان، شرمندگی اور خوف میں مبتلا رکھا جاتا ہے۔ یہ صرف جسمانی تبدیلی کا معاملہ نہیں بلکہ ایک گہری ثقافتی، نفسیاتی اور نظریاتی یلغار ہے جو خواتین کی خودمختاری، شناخت، آزاد وجود اور جمالیاتی آزادی کو کمزور کرتی ہے۔ کلچرل اسٹڈیز کے تناظر میں یہ لازم ہے کہ ہم اس خوبصورتی کے استبداد اور خوبصورتی کی آمریت کو ایک سیاسی وثقافتی جبر کے طور پر پہچانیں اس کے خلاف شعور بیدار کریں اور ایسے متبادل جمالیاتی تصورات اور حسن کے معیار کو فروغ دیں جو فطری تنوع، خودی، اور مقامی شناخت کو قدر کی نگاہ سے دیکھے۔

خوبصورتی کے سرمایہ دارانہ نو آبادیاتی تصور کو چیلنج کرنا اس لیے ضروری ہے کیونکہ یہ تصور خواتین کو محض جسمانی اشیا اور صارفین میں بدل دیتا ہے جبکہ خوبصورتی کے یورپی عالمی معیار کے مقابل متبادل جمالیاتی معیارات کی تلاش ایک انسانی، مزاحمتی اور تخلیقی عمل ہے۔ فطری خوبصورتی اور جسمانی تنوع (Diversity) کی قبولیت اس حقیقت کو تسلیم کرتی ہے کہ ہر رنگ، جسامت اور خد و خال حسن کا درجہ رکھتے ہیں۔ جس طرح افریقہ کی نیچرل ہیئر موومنٹ اس نو آبادیاتی شرمندگی کے خلاف ایک ثقافتی خودمختاری کا اعلان ہے۔ اسی طرح صنف اور خوبصورتی کے رشتے کو توڑتے ہوئے غیر صنفی فیشن تحریکیں ہمیں خوبصورتی کو ایک اظہار کے طور پر دیکھنے کی دعوت دیتی ہیں۔ سرمایہ دارانہ تصور خوبصورتی کو جوانی سے جوڑتا ہے مگر جاپانی وابی سابی (Wabi Sabi) فلسفہ عمر رسیدگی، جسمانی نقص اور سادگی کو بھی حسن مانتا ہے۔ اور آخر میں خودی اور خود کا تعین کردہ خوبصورتی کا تصور جیسے باڈی پوزیٹوٹی تحریکوں میں ظاہر ہوتا ہے۔ Body Positivity Movement بھی ایک سماجی اور ثقافتی تحریک ہے جو اس خیال کو فروغ دیتی ہے کہ ہر جسم، چاہے وہ کسی بھی سائز، رنگ، عمر یا شکل کا ہو، اپنی فطری حالت میں خوبصورت اور قابلِ احترام ہے۔ یہ تحریک سرمایہ دارانہ اور مغربی حسن کے تنگ نظر معیار کو چیلنج کرتی ہے۔ جسمانی شرمندگی (Body Shaming) کے خلاف مزاحمت کرتی ہے اور افراد کو اپنے جسم سے محبت کرنے اور خود کو جیسے وہ ہیں ویسا ہی قبول کرنے کی آزادی دیتی ہے۔ اس تحریک میں موٹے افراد، سیاہ فام، معذور اور صنفی اقلیتوں سمیت سب کی شمولیت کی کوشش کی جاتی ہے۔ سوشل میڈیا پر پلس سائز ماڈلز کی موجودگی نے اس تحریک کو عالمی سطح پر مقبول بنایا ہے جو حسن کو محض ایک تجارتی جنس یا شے نہیں بلکہ ایک انسانی حق کے طور پر دیکھتی ہے۔

تانسوک) پاکستان کا واحد آرگینک گاؤں (

کیا آپ مان سکتے ہیں کہ آج 2025 میں پاکستان کا کوئی علاقہ ایسا ہے جہاں موٹر وہیکل ابھی تک نہیں پہنچا جو اج بھی پرانی اقدار کو اپنی ثقافت کو سنبھالے بیٹھے ہیں وہ ثابت کر رہے ہیں کہ سادگی اور قدرتی طریقوں سے زندگی زیادہ پرسکون گزرتی ہے جی ہاں یہ پاکستان کا ایسا گاں جہاں آج تک کوئی گاڑی نہیں جا سکیا پاکستان کا منفرد آرگینک گاں نانسوک ہنا نسوک، سکردو کے قریب واقع ایک ایسا گاں ہے جو اپنی قدرتی خوبصورتی، صاف ماحول، اور منفرد طرزِ زندگی کی وجہ سے مشہور ہے۔ اس گاں کی سب سے خاص بات یہ ہے کہ یہاں آج تک نہ تو کوئی گاڑی پہنچی ہے اور نہ ہی موٹر سائیکل۔ نانسوک تک کا راستہ: نانسوک تک پہنچنے کے لیے تقریبا 30 منٹ کا پیدل سفر کرنا پڑتا ہے۔ یہ راستہ ایک پہاڑ کے ساتھ ساتھ چھوٹی سی پکڈنڈی پر مشتمل ہے، جو نہایت ہی دلکش مناظر پیش کرتا ہے۔ یہ راستہ خاص طور پر ان لوگوں کے لیے بہترین ہے جو ٹریکنگ یا پیدل چلنے کے شوقین ہیں۔ راستے میں سرسبز مناظر، پہاڑی جھرنے، اور پرندوں کی چہچہاہٹ آپ کا استقبال کرتے ہیں۔ یہ راستہ صرف ایک سفر نہیں بلکہ ایک ایڈونچر ہے جو آپ کو فطرت کے قریب لے جاتا ہے۔ نانسوک کے نمایاں پہلو .1 قدرتی ماحول: چونکہ یہاں گاڑیاں اور مشینری نہیں پہنچ سکتیں، اس لیے گاں کی فضا انتہائی صاف اور گیتازہ ہے۔ ایک طرف دریا کا دلکش منظر اور دوسری طرف پہاڑوں کی بلندیاں اس جگہ کو مزید خوبصورت بناتی ہیں۔ .2 خرپوچو فورٹ کے قریب: نانسوک خرپوچو فورٹ کی بیک سائیڈ پر واقع ہے، جو اسے



تاریخی اہمیت بھی دیتا ہے۔ اگر آپ فورٹ دیکھنے جائیں، تو نانسوک کا سفر لازمی کریں۔ .3 سادگی اور سکون: گاں کے مکین سادہ طرزِ زندگی اپنائے ہوئے ہیں۔ یہاں کے لوگ اپنی زراعت اور قدرتی وسائل پر انحصار کرتے ہیں، اور اپنی مہمان نوازی کے لیے مشہور ہیں۔ .4 آرگینک طرزِ زندگی: یہاں اگائی جانے والی سبزیاں، پھل، اور دیگر کھانے کی اشیا مکمل طور پر آرگینک ہیں۔ یہ گاں ایک مثال ہے کہ کس طرح قدرتی وسائل کا صحیح استعمال کیا جاسکتا ہے۔ دریائے سندھ کا دلکش منظر نانسوک کے ایک جانب دریائے سندھ بہتا ہے، جو گاں کے قدرتی حسن کو چار چاند لگا دیتا ہے۔ دریا کے ساتھ ساتھ چہل قدمی یا صرف اس کے کنارے بیٹھ کر وقت گزارنا سکون کا باعث بنتا ہے۔ نانسوک: ایڈونچر اور سکون کا امتزاج نانسوک ان لوگوں کے لیے مثالی مقام ہے جو نہ صرف فطرت سے قریب رہنا چاہتے ہیں بلکہ ایک منفرد تجربہ بھی چاہتے ہیں۔ یہ گاں نہ صرف سکردو کے حسن میں اضافہ کرتا ہے بلکہ یہ ایک ایسی جگہ ہے جو ہمیں سادگی، فطرت، اور سکون کا اصل مطلب سمجھاتی ہے۔ اگر آپ سکردو جائیں، تو نانسوک کا یہ منفرد سفر ضرور کریں اور قدرت کی انمول نعمتوں کا لطف اٹھائیں۔ نانسوک کے مکین اپنی روزمرہ کی ضروریات کے لیے سکردو شہر کا رخ کرتے ہیں۔ خاص بات یہ ہے کہ شادی بیاہ کے مواقع پر دلہن کو پالکی میں اٹھا کر گاں لایا جاتا ہے، اور بارات بھی پیدل آتی ہے۔ یہ روایات گاں کی منفرد ثقافت اور طرزِ زندگی کو ظاہر کرتی ہیں۔ نومبر 2006 میں برطانیہ کے شہزادہ چارلس نے پرنس آغا خان کے ہمراہ نانسوک کا دورہ کیا۔ ان کے اس دورے نے نانسوک کو عالمی سطح پر پہچان دی، اور اسے آرگینک ویلیج کے طور پر مزید ترقی دی گئی۔ شہزادہ چارلس نے نانسوک کی قدرتی خوبصورتی اور سکون بخش ماحول کی تعریف کی۔ ان کے اس دورے کے بعد یہ گاں ملکی اور غیر ملکی سیاحوں کے لیے ایک مشہور مقام بن گیا۔ نانسوک کا قدرتی ماحول سیاحوں کے لیے بے حد کشش ہے۔ گاں کے ایک جانب دریائے سندھ بہتا ہے، جو اس کے حسن کو چار چاند لگا دیتا ہے، جبکہ دوسری جانب کھرفوچو کا تاریخی قلعہ واقع ہے۔ سیاح یہاں کی خوبصورتی، آرگینک فوڈ، اور سکون بخش ماحول سے لطف اندوز ہونے کے لیے آتے ہیں۔ یہاں کا آرگینک کھانا اور قدرتی طرزِ زندگی سیاحوں کے لیے ایک منفرد تجربہ فراہم کرتے ہیں۔ گاں کا ماحول خاص طور پر ان لوگوں کے لیے بہترین ہے جو بڑے شہروں کے شور وغل اور آلودگی سے دور سکون کی تلاش میں ہوتے ہیں۔ اے کے آر ایس پی اور دیگر تنظیموں کے تعاون سے اس گاں کو محفوظ رکھنے اور اس کی خوبصورتی برقرار رکھنے کے لیے اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ نانسوک اپنی قدرتی خوبصورتی اور تاریخی اہمیت کے باعث نہ صرف سکردو بلکہ پورے پاکستان کا ایک نایاب اثاثہ ہے۔ اس کی اصل حالت کو برقرار

قوت

SPORTS





یتھوپیا کی تکسٹ آصفہ نے وسطی لندن میں 2025 لندن میراتھن میں خواتین کی ریس میں فنش لائن کراس کر رہی ہیں) جسٹن ٹالس /اے ایف پی(

رضوان نے ثابت کر دیا انہیں ٹی 20 ٹیم سے نکالنے کا فیصلہ درست تھا' احمد شہزاد

آپ بتاؤ کہ اس نے سنگل کے علاوہ کوئی اچھے شاٹس کھیل کر پریشر ختم کرنے کی کوشش کی ہو' انٹرویو



پی ایس ایل میں بھی ٹیم کے گرد کھیل رہا ہے۔ایسے میں دیگر پلیئرز کو معلوم ہے کہ رضوان ہٹ نہیں کرے گا اور وہ ہٹ کرنے کے چکر میں آؤٹ ہوتے جاتے ہیں۔احمد شہزاد نے کہا کہ رضوان سینئر کھلاڑی اور پاکستان ٹیم کی قیادت بھی کر چکا ہے۔کوئٹہ کے خلاف ڈوآر ڈائی میچ میں آخر تک کھیلا۔آپ بتاؤ کہ اس نے سنگل کے علاوہ کوئی اچھے شاٹس کھیل کر پریشر ختم کرنے کی کوشش کی ہو۔انہوں نے کہا کہ رضوان ہر میچ کے بعد خود کو درست ثابت کرتا اور غلطیوں کا ذمہ دار بولرز، بیٹرز اور فیلڈرز کو قرار دیتا ہے۔جب ایسا ہوتا ہے تو پھر ایسے ہی نتائج سامنے آتے ہیں۔ایسی کارکردگی کے ساتھ اگلے سال اُس کا پی ایس ایل کی ٹیم میں آنا مشکل ہو سکتا ہے۔واضح رہے کہ پی ایس ایل کے مسلسل چار فائنلز کھیلنے والی ملتان سلطانز کی ٹیم رواں پی ایس ایل 10 میں چھ میچ ہار کر ٹورنامنٹ سے تقریباً باہر ہو چکی ہے۔

کراچی (این این آئی) محمد رضوان کی کپتانی میں ملتان سلطانز کی کارکردگی پی ایس ایل 10 میں انتہائی خراب ہے اور ان پر تنقید کا سلسلہ تیز ہو گیا ہے۔پاکستان سپر لیگ میں مسلسل چار فائنل کھیلنے والی ٹیم ملتان سلطانز کی پی ایس ایل 10 کے رواں سیزن میں کارکردگی انتہائی خراب ہے۔ایسے میں سابق اور موجودہ کرکٹرز محمد رضوان کی کارکردگی پر کڑی تنقید کر رہے ہیں۔ایک مقامی نجی ٹی وی پروگرام میں احمد شہزاد نے گفتگو کرتے ہوئے رضوان پر کڑی تنقید کی اور کہا کہ پی ایس ایل میں ہر گزرتی اننگ کے ساتھ ملتان سلطانز کے کپتان محمد رضوان ثابت کر رہے کہ قومی سلیکٹرز نے انہیں پاکستان کی ٹی ٹوئنٹی ٹیم کی قیادت سے ہٹانے اور ٹیم سے نکالنے کا فیصلہ بالکل درست کیا۔ان کا کہنا تھا کہ رضوان جس طرح قومی ٹیم میں کھیلتا تھا اسی طرح

پریکٹس میں روزانہ 600 سے 1000 گیندوں کا سامنا کرتا ہوں، سعود شکیل

پی ایس ایل اور انٹرنیشنل کرکٹ میں زیادہ فرق نہیں ہے، پی ایس ایل کھلاڑیوں کے لیے بہت اہم ہے' انٹرویو

لاہور (آفاق دھاریوال) پاکستانی بیٹر سعود شکیل نے کہا ہے کہ پریکٹس میں روزانہ 600 سے 1000 گیندوں کا سامنا کرتا ہوں۔کوئٹہ گلیڈی ایٹرز کے کپتان سعود شکیل نے انکشاف کیا ہے کہ وہ فارمیٹ سے قطع نظر کافی پریکٹس کرتے ہیں اور نیٹ میں زیادہ وقت گزارتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ ہر ایک کا اپنا پریکٹس کا معمول ہے لیکن میں اس طریقے سے ٹریننگ کرنے کی کوشش کرتا ہوں جو موثر ہو اور بہتری لائے، مجھے بیٹنگ پسند ہے اور اس میں بہت زیادہ وقت گزارتا ہوں، فارمیٹ سے کوئی فرق نہیں پڑتا۔سعود شکیل نے کہا کہ مجھے روزانہ 600 سے 1000 گیندوں کا سامنا کرنا پڑتا ہے اور میں نے محسوس کیا کہ یہ معمول انتہائی فائدہ مند ہے۔29 سالہ کھلاڑی نے کہا کہ بولنگ پر بھی توجہ دے رہا ہوں کیونکہ ٹیم کو اکثر دونوں شعبوں میں میری مدد کی ضرورت ہوتی ہے۔انہوں نے کہا کہ پی ایس ایل اور انٹرنیشنل کرکٹ میں زیادہ فرق نہیں ہے، پی ایس ایل کھلاڑیوں کے لیے بہت اہم ہے یہ نا صرف ان کی مالی طاقت کو بڑھاتا ہے بلکہ انہیں قیمتی تجربہ بھی فراہم کرتا ہے۔واضح رہے کہ پی ایس ایل 10 میں سعود شکیل کوئٹہ گلیڈی ایٹرز کی قیادت کر رہے ہیں اور ان کی کپتانی میں سابق چیمپئنز

ویرونیکا ایڈورڈونا کدر میٹووا اور ایلیس مرٹینز میڈرڈ اوپن ٹینس ویمنز ڈبلز سیمی فائنل میں پہنچ گئیں

میڈرڈ (پی ایم این) روسی ٹینس سٹار ویرونیکا ایڈورڈونا کدر میٹووا اور ان کی جرمنی کی جوڑی دار ایلیس مرٹینز ڈبلیو ٹی اے میڈرڈ اوپن ٹینس ویمنز ڈبلز سیمی فائنل راؤنڈ میں پہنچ گئی جبکہ امریکا کی ٹینس کھلاڑی سوفیا کینن اور ان کی یونان کی جوڑی دار ماریا ساکاری پر مشتمل ایٹھ سیڈ جوڑی کا خواتین کے ڈبلز مقابلوں کے کوارٹر فائنل میچ میں سفر تمام ہو گیا۔روسی ٹینس سٹار ویرونیکا ایڈورڈونا کدر میٹووا اور ان کی جرمنی کی جوڑی دار ایلیس مرٹینز نے خواتین کے ڈبلز مقابلوں کے کوارٹر فائنل راؤنڈ میچ میں امریکا کی ٹینس کھلاڑی سوفیا کینن اور ان کی یونان کی جوڑی دار ماریا ساکاری کو اپ سیٹ شکست دی۔ڈبلیو ٹی اے کے زیر اہتمام میڈرڈ اوپن ٹینس ٹورنامنٹ کے دلچسپ مقابلوں کا سلسلہ جاری ہے۔خواتین کے ڈبلز مقابلوں کے کوارٹر فائنل راؤنڈ میں روسی ٹینس سٹار ویرونیکا ایڈورڈونا کدر میٹووا اور ان کی جرمنی کی جوڑی دار ایلیس مرٹینز نے عمدہ کھیل پیش کرتے ہوئے امریکا کی ٹینس کھلاڑی سوفیا کینن اور ان کی یونان کی جوڑی دار ماریا ساکاری پر مشتمل ایٹھ سیڈ جوڑی کو سٹریٹ سیٹس میں 3-6 اور 1-6 سے ہرا کر سیمی فائنل کے لئے کوالیفائی کر لیا

دلچسپ بات یہ ہے کہ کوئٹہ گلیڈی ایٹرز نہ صرف پی ایس ایل کے پہلے میچ میں شریک تھی بلکہ 300 ویں میچ کا بھی حصہ بنی

لاہور (پی ایم این) پاکستان کی مقبول ترین کرکٹ لیگ ایچ بی ایل پاکستان سپر لیگ (پی ایس ایل) نے ایک اہم سنگِ میل عبور کرتے ہوئے اپنے 300 میچز مکمل کر لئے۔یہ تاریخی میچ کوئٹہ گلیڈی ایٹرز اور ملتان سلطانز کے درمیان کھیلا گیا۔دلچسپ بات یہ ہے کہ کوئٹہ گلیڈی ایٹرز نہ صرف پی ایس ایل کے پہلے میچ میں شریک تھی بلکہ 300 ویں میچ کا بھی حصہ بنی۔لیگ کے آغاز سے لیکر اب تک کئی کھلاڑیوں نے شاندار کارکردگی سے اسے یادگار بنایا۔بابر اعظم نے تمام 10 سیزنز میں شرکت کی اور ریکارڈز کے انبار لگا دیئے۔وہ لیگ میں سب سے زیادہ 3621 رنز، 34 نصف سنچریاں، 401 چوکے، 96 میچز اور 49 کیچز کے ساتھ سب سے آگے ہیں۔فاسٹ باؤلر حسن علی ایچ بی ایل پی ایس ایل کی تاریخ میں سب سے زیادہ 121 وکٹیں لے کر سرفہرست ہیں۔انگلینڈ کے حیسن روئے نے 145 رنز کی سب سے بڑی انفرادی اننگز کھیلی، جبکہ فخر زمان نے 90 چھکے لگا کر سب سے زیادہ چھکوں کا اعزاز حاصل کیا۔روی بوپارا کی 6 وکٹیں صرف 16 رنز کے عوض بہترین انفرادی باؤلنگ اسپیل قرار پایا۔وکٹ کیپرز میں محمد رضوان نے 84 کیچز/اسٹمپڈ اور 2749 رنز کے ساتھ سب پر سبقت حاصل کی۔



ایک روبوٹ 19 اپریل، 2025 کو بیجنگ میں ہونے والی ہاف میراتھن کے آغاز پر قابو کھو بیٹھا) اے ایف پی(

'کوہلی دوست نہیں' فل سالٹ نے جواب دے کر یوٹرن لے لیا

کسی بھی تنازعہ سے بچنے کیلئے یوٹرن لیا اور دعویٰ کیا کہ جس کے ساتھ بھی وہ کھیلتے ہیں وہ ان کا دوست ہے

نئی دہلی (پی ایم این) انگلینڈ کے بیٹر فل سالٹ نے ویرات کوہلی کو دوست ماننے سے انکار کیا اور پھر بیان پر یوٹرن لے لیا۔آئی پی ایل کی ٹیم رائل چیلنجرز بنگلور کی اوپننگ جوڑی فل سالٹ اور ویرات کوہلی پر مشتمل ہے اور دونوں کھلاڑی رواں سیزن میں کئی بار ایک ساتھ اننگز کا آغاز کر چکے ہیں۔آر سی بی نے اپنے سوشل میڈیا اکاؤنٹس پر ایک ویڈیو پوسٹ کی جس میں انگلش کھلاڑی سے پوچھا گیا کہ کیا کوہلی ان کے دوست بن گئے ہیں؟ میزبان: آپ نے اپنے ایک انٹرویو میں کہا کہ آئی پی ایل میں کوئی دوست نہیں ہے تو جب آپ ویرات کے ساتھ کھیلتے ہیں تو کیا آپ کی ان سے دوستی ہے؟ فل سالٹ نے جواب دیا کہ وہ ساتھی ہیں۔تاہم بعد میں بات چیت کرتے ہوئے سالٹ نے کسی بھی تنازعہ سے بچنے کے لیے یوٹرن لیا اور دعویٰ کیا کہ جس کے ساتھ بھی وہ کھیلتے ہیں وہ ان کا دوست ہے۔سالٹ نے کہا کہ میں نے جس کے ساتھ کرکٹ کھیلی ہے وہ میرا دوست ہے۔

بابر اعظم لیفٹ آرم اسپنر پر پھنستے ہیں، خوشدل شاہ



راجستھان رائلز کے ویبھو سوریا ونشی لکھن سپر جائنٹس کے خلاف 19 اپریل، 2025 کو سوائی مان سنگھ سٹیڈیم، جے پور میں ایک شاٹ کھیل رہے ہیں) اے ایف پی(

میری یہی کوشش ہوتی ہے کہ انھیں جتنا ڈسپلن کے ساتھ بولنگ کر سکوں کروں' نجی ٹی وی سے گفتگو

کراچی (پی ایم این) کراچی کنگز کے اسپنر خوشدل شاہ نے بابر اعظم کو آؤٹ کرنے کے حوالے سے اظہار خیال کرتے ہوئے کہا ہے کہ وہ لیفٹ آرم اسپنر پر پھنسے ہیں۔نجی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے پاکستان سپر لیگ کی معروف فرنچائز کراچی کنگز کے لیفٹ آرم اسپنر خوشدل شاہ نے کہا کہ بابر اعظم لیفٹ آرم اسپنر پر تھوڑا سا پھنستے ہیں، میری یہی کوشش ہوتی ہے کہ انھیں جتنا ڈسپلن کے ساتھ بولنگ کر سکوں کروں۔خوشدل شاہ 9 اننگز میں پاکستان کے ٹاپ کلاس بلے باز بابر اعظم کو 3 بار آؤٹ کر چکے ہیں، بابر اعظم کیخلاف کامیابی ملنے اور انھیں آؤٹ کرنے کے سوال کا جواب دیتے ہوئے انھوں نے کہا کہ میں بابر کے ساتھ پاکستان ٹیم میں بھی کھیل چکا ہوں اور وہاں بھی انھیں بولنگ کی ہے۔انھوں نے کہا کہ کوشش ہوتی ہے کہ بابر اعظم کی وکٹ حاصل کی جائے کیوں کہ ان کی وکٹ کافی اہم وکٹ ہے، وہ گزشتہ میچ میں اچھی اننگز کھیل رہے تھے اور 43 رنز بنا چکے تھے۔کراچی کنگز کے آل راؤنڈر نے کہا کہ ایسا بیٹر جسے دنیا مان رہی ہے اور وہ سیٹ لگ رہا ہو تو وہ بیٹر آپ کی ٹیم سے میچ کو دور لے جاتا ہے، خوشدل شاہ کا کہنا تھا کہ اس وقت ہماری کوشش ہوتی ہے کہ ایک دو اوور میں بابر اعظم کو آؤٹ کریں ورنہ ہمارے لیے میچ مشکل ہو جائے گا۔



ایک روبوٹ 19 اپریل، 2025 کو بیجنگ میں ہونے والی ہاف میراتھن میں فنش لائن عبور کر رہا ہے) اے ایف پی(

انٹرنیشنل



اس تصویر میں امریکی محکمہ خارجہ کی ترجمان ٹیمی بروس واشنگٹن میں صحافیوں سے گفتگو کے دوران) اے ایف پی / جم واٹسن(

ایران میں میڈیا کے خلاف کریک ڈاؤن کیا جا رہا ہے، ایمنسٹی انٹرنیشنل

ایرانی میڈیا ہاؤسز اور سوشل میڈیا کو شاہد رجائی بندرگاہ بارے نہ بولنے کی ہدایت کی گئی ہے، بیان



لندن (این این آئی) ایمنسٹی انٹرنیشنل نے ایرانی حکام پر الزام لگایا ہے کہ وہ ایران میں 'میڈیا آٹ ٹیشس' پر کریک ڈان کر رہے ہیں تا کہ ملک کی اہم بندرگاہ پر ہونے والے دھماکے سے متعلق سچ کو چھپا سکیں۔ایران کے ذرائع ابلاغ نے شاہد رجائی بندرگاہ پر ہونے والے دھماکے میں 70 افراد کی ہلاکت اور 1000 کے زخمی ہونے کی خبر رپورٹ کی ہے۔تاہم ایرانی حکام نے اس معاملے کو محض ایک غفلت اور لاپرواہی کا شاخسانہ قرار دیتے ہوئے اسے دبانے کی کوشش کی ہے۔جبکہ انسانی حقوق کی یہ مغربی دنیا سے تعلق رکھنے والی تنظیم 'ایمنسٹی انٹرنیشنل' کی پوری کوشش ہے کہ بندرگاہ پر ہونے والے تباہ کن دھماکے کے بارے میں اصل واقعات کو سامنے لانے دیا جائے۔میڈیا رپورٹس کے مطابق ایمنسٹی نے بتایا کہ ایرانی پراسیکیوٹرز کے دفاتر نے کئی میڈیا ہاسز اور سوشل میڈیا کو اس بارے میں محتاط رہنے اور ایک مخصوص بیانیہ ہی آگے بڑھانے کی ہدایت کی ہے۔دوسری جانب ایران کے حکام کا موقف ہے کہ سوشل میڈیا پر غلط اور سنی سنائی معلومات دی جا رہی ہیں جو محض جھوٹ پر مبنی کہانیاں ہیں۔اس طرح کی کہانیاں پھیلا کر سوشل میڈیا نے عوام کو نفسیاتی اور ذہنی طور پر پریشانی میں مبتلا کر رہا ہے۔ایمنسٹی کے بقول اس وجہ سے ایرانی حکام نے مخوص کریک ڈان بھی شروع کر دیا ہے اور میڈیا سے متعلق افراد پر فوجداری مقدمات درج کیے جا رہے ہیں۔ایمنسٹی کے مطابق بین الاقوامی برادری کو اس سلسلے میں ایران کی مذمت کرنی چاہیے اور ایران کو روکنا چاہیے کہ وہ میڈیا اور سوشل میڈیا کو نشانہ بنانے کی کارروائی چھوڑ دے۔ایمنسٹی کا مطالبہ ہے کہ بندرگاہ دھماکے کی غیر جانبدارانہ تحقیقات کرائی جائیں۔

عازمین براہ راست دھوپ کی تمازت سے بچیں، سعودی وزارت حج

اپنے سفر حج کو آسان بنانے کیلیے صحت اصولوں کو کسی طرح بھی نظر انداز نہ کیا جائے، بیان

ریاض (پی ایم این) سعودی عرب کی وزارت حج نے عازمین حج کو ہدایت کی ہے کہ وہ دن خاص کر دوپہر کے وقت براہ راست دھوپ کی تمازت سے بچیں تا کہ کسی قسم کی مشکل میں مبتلا نہ ہوں۔عرب ٹی وی کے مطابق وزارتِ حج وعمرہ نے عازمین کی بہتر رہنمائی کے لیے مختلف ہدایات پر مبنی ضوابط جاری کئے ہیں۔عازمین سے درخواست کی گئی ہے کہ اپنے سفر حج کو آسان بنانے کیلیے صحت اصولوں کو کسی طرح بھی نظر انداز نہ کیا جائے۔وزارت کا مزید کہنا تھا کہ مناسک کی ادائیگی کے لیے کوشش کریں کہ ایسے وقت رہائشی مقامات سے نکلیں جب دھوپ تیز نہ ہو۔اگر نکلنا ضروری ہو تو تحفظ ٹرانسپورٹیشن کے وسائل استعمال کریں۔کھلی دھوپ سے بچنے کیلیے چھتری ضرور اپنے ہمراہ رکھیں۔واضح رہے حج سیزن کے آغاز ہوتے ہی مختلف ممالک سے عازمین کے قافلوں کی یومیہ بنیادوں پر مملکت آمد کا سلسلہ جاری ہے۔عازمین براہ راست دھوپ کی تمازت سے بچیں، سعودی وزارت حج۔۔واضح رہے حج سیزن کے آغاز ہوتے ہی مختلف ممالک سے عازمین کے قافلوں کی یومیہ بنیادوں پر مملکت آمد کا سلسلہ جاری ہے

کویت میں فوجداری قانون کی شق 182 منسوخ، اغوا شدہ لڑکی سے شادی کے باوجود اغوا کار کو سزا لازم ہوگی

کویت سٹی (پی ایم این) کویت کی کابینہ نے ایک اہم قانونی اور اصلاحی اقدام کے تحت فوجداری قانون کی شق 182 کو منسوخ کر دیا ہے۔شق 182 میں درج تھا کہ اگر اغوا کار، اغوا شدہ لڑکی سے ولی کی اجازت سے شرعی طور پر شادی کر لے اور ولی سزا نہ دینے کی درخواست کرے تو اس پر کوئی سزا لاگو نہیں ہوگی۔عرب ٹی وی کے مطابق کویتی وزیر انصاف ناصر السمیط نے تصدیق کی ہے کہ کابینہ کی جانب سے منسوخ کی گئی یہ شق نہ صرف آئین کے منافی تھی، بلکہ اسلامی شریعت سے بھی متصادم تھی، اکثر یہ ہوتا تھا کہ ملزم اغوا شدہ لڑکی سے شادی کرتا، مقدمہ بند ہونے کے کچھ ہی ہفتوں بعد اسے طلاق دے دیتا، جس سے لڑکی کو شدید نقصان پہنچتا اور معاشرے پر بھی منفی اثرات مرتب ہوتے۔انہوں نے کہا کہ اس شق کے خاتمے کی ایک اہم بنیاد وزارتِ اسلامی امور کی طرف سے جاری کردہ فتوی تھا، جس میں اسے شریعت کے خلاف قرار دیا گیا تھا۔ساتھ ہی یہ شق آئینی اصولوں اور انسانی حقوق کے بین الاقوامی معاہدوں اور متعلقہ منشوروں سے بھی متصادم تھی۔انہوں نے واضح کیا کہ اس اقدام سے اغوا کے جرائم پر مؤثر روک لگائی جا سکے گی اور مجرموں کو کسی بھی حیلے بہانے سے سزا سے بچنے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔یہ قانون میں ایک

اردن، اسلحہ رکھنے کے کیسز میں ملوث 16 میں سے 4 ملزمان کو 20 سال قید

عمان (پی ایم این) منعقدہ ایک عوامی اجلاس میں اردن کی ریاستی سلامتی کی عدالت نے 16 میں سے چار ملزمان کو 20 سال قید اور جرمانے کی سزا سنائی ہے۔غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق عدالت نے ملزمان کو دھماکہ خیز مواد، اسلحہ اور گولہ بارود کو غیر قانونی طور پر استعمال کرنے کے ارادے سے رکھنے اور امن عامہ کو درہم برہم کرنے، معاشرے کے تحفظ اور سلامتی کو خطرے میں ڈالنے، انسداد دہشت گردی قانون کی دفعات کی خلاف ورزی کا مرتکب قرار دینے کے بعد اپنے فیصلے جاری کیے۔عدالت نے کہا کہ مجاز سکیورٹی اداروں کی کارروائیوں اور ملزمان کے بارے میں موصول ہونے والی معلومات کے اثرات کے بعد ملزمان کو گرفتار کیا گیا اور ان کے قبضے سے دھماکہ خیز مواد اور بڑی تعداد میں اسلحہ اور گولہ بارود ضبط کیا گیا۔اردن، اسلحہ رکھنے کے کیسز میں ملوث 16 میں سے 4 ملزمان کو 20 سال قید عدالت نے کہا کہ مجاز سکیورٹی اداروں کی کارروائیوں اور ملزمان کے بارے میں موصول ہونے والی معلومات کے اثرات کے بعد ملزمان کو گرفتار کیا گیا اور ان کے قبضے سے دھماکہ خیز مواد اور بڑی تعداد میں اسلحہ اور گولہ بارود ضبط کیا گیا

عرب امارات میں سوڈانی فوج کو غیر قانونی طور پر ہتھیار منتقل کرنے کی کوشش ناکام

سکیورٹی اداروں نے ضروری لائسنس کے بغیر فوجی سامان کی غیر قانونی ترسیل میں ملوث افراد کو گرفتار کر لیا

دبئی (پی ایم این) متحدہ عرب امارات کے اٹارنی جنرل ڈاکٹر حمد سیف الشامسی نے کہا ہے کہ سکیورٹی اداروں نے سوڈانی آرمڈ فورسز کو غیر قانونی طور پر ہتھیاروں اور فوجی سامان کی ترسیل کی کوشش ناکام بنا دی ہے۔امارات کے خبر رساں ادارے کے مطابق انہوں نے بتایا سکیورٹی اداروں نے ضروری لائسنس کے بغیر فوجی سامان کی غیر قانونی ترسیل میں ملوث افراد کو گرفتار کیا ہے۔ملزمان کو ایک نجی طیارے کی تلاشی کے دوران گرفتار کیا گیا جو ایک اماراتی ایئرپورٹ پر اترا تھا۔طیارے میں گوریونوف قسم کا گولہ بارود اور تقریباً 50 لاکھ راؤنڈز برآمد کیے گئے۔اس کے علاوہ اس معاہدے سے حاصل ہونے والی رقوم کا کچھ حصہ دو مشتبہ افراد کے ہوٹل کمروں سے ضبط کیا گیا ہے۔مارات کے اٹارنی جنرل نے بتایا تحقیقات کے دوران پتہ چلا کہ اس نیٹ ورک میں سوڈانی فوج کے کئی سابق اعلیٰ عہدیدار شامل ہیں جن میں سابق انٹیلی جنس چیف صلاح قوش، ان کے سابق چیف آف سٹاف خالد یوسف مختار یوسف، ایک سابق وزیر خزانہ کا مشیر، جنرل عبدالفتاح البرہان اور ان کے نائب یاسر العطا کی قریبی ایک سیاسی شخصیت شامل ہے۔متعدد سوڈانی تاجر بھی اس میں ملوث پایا گیا۔

یوکرین کے قدرتی وسائل سے متعلق امریکا اور یوکرین میں معاہدہ

معاہدے کے تحت دونوں ممالک مل کر کام کریں گے اور مل کر سرمایہ کاری کریں گے، رپورٹ

کیف (پی ایم این) یوکرین کے قدرتی وسائل سے متعلق امریکا اور یوکرین کے درمیان معاہدہ طے پا گیا، واشنگٹن اور کیف کے حکام نے معاہدے پر دستخط کر دیے۔میڈیا رپورٹس کے مطابق کئی ماہ کے مذاکرات کے بعد کیے گئے اس معاہدے کے تحت یوکرین اپنی نادر معدنیات تک امریکا کو رسائی دے گا۔یوکرین کی اول نائب وزیر اعظم یولیا سویریڈینکو نے تصدیق کی ہے کہ انہوں نے معاہدے پر دستخط کر دیے ہیں۔امریکی محکمہ خزانہ کے مطابق امریکا یوکرین سرمایہ کاری اور تعمیر نو فنڈ قائم کیا جائے گا جس کے ذریعے جنگ کے آغاز سے اب تک یوکرین کو دی گئی 175 ارب ڈالر امداد کی امریکا کو واپسی ممکن بنے گی۔معاہدے کے تحت دونوں ممالک مل کر کام کریں گے اور مل کر سرمایہ کاری کریں گے، کم یاب معدنیات کی مستقبل میں فروخت سے حاصل آمدنی میں امریکا کو بھی حصہ دیا جائے گا۔امریکی وزیر خزانہ اسکاٹ بیسنٹ کا کہنا تھا کہ یہ معاہدہ روس کو پیغام ہے کہ ٹرمپ انتظامیہ ایک ایسے امن عمل کے لیے پرعزم ہے جس کا محور آزاد، خودمختار اور خوشحال یوکرین ہو۔میڈیا رپورٹس کے مطابق امریکا چاہتا ہے کہ کوئی بھی ریاست یا ملک جس نے جنگ میں روس کی مدد کی ہے اسے یوکرین کی تعمیر نو میں شامل ہونے کی اجازت نہیں ملنی چاہیے۔ناقدین کا کہنا تھا کہ امریکا نے یوکرین کی فوجی امداد کا فائدہ اٹھاتے ہوئے اسے نادر معدنیات کے حصول سے



برلنگٹن، ورمانٹ، میں ضمانت پر رہا ہونے کے بعد 30 اپریل 2025 کو محسن مہدوی احاطہ عدالت کے باہر بات چیت کر رہے ہیں) اماندا سوبھارٹ /اے ایف پی(



اس تصویر میں فلسطین کے علاقے مقبوضہ مغربی کنارے میں اسرائیلی بستی کی تعمیر کا کام جاری ہے) اے ایف پی(

روزنامہ قوت لاہور
چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض

صنعت وتجارت نیوز

معیشت نامہ

ڈپٹی کمشنر سارہ حیات کی ہدایت پر ماہانہ ریونیو عوامی خدمت سروسز کا انعقاد ڈی سی آفس کمپلیکس کے ہال میں کیا گیا

ریونیو خدمت سروسز کے تحت تمام ریونیو سروسز جس میں درستگی ریکارڈ، اجرا فرد اراضی، اندراج انتقال، انکم سرٹیفکیٹ اور دیگر سروسز مہیا کی گئیں



چکوال (ایم ایوب سلطانی) ڈپٹی کمشنر سارہ حیات کی ہدایت پر ماہانہ ریونیو عوامی خدمت سروسز کا انعقاد ڈی سی آفس کمپلیکس کے ہال میں کیا گیا۔ ریونیو خدمت سروسز کے تحت تمام ریونیو سروسز جس میں درستگی ریکارڈ، اجرا فرد اراضی، اندراج انتقال، انکم سرٹیفکیٹ اور دیگر سروسز مہیا کی گئیں۔ اے ڈی سی آر محمد شہاب اسلم نے ریونیو سے متعلق عوامی مسائل سن کر ان کے حل کے لئے موقع پر احکامات جاری کئے۔ ریونیو عوامی خدمت سروسز میں اسسٹنٹ کمشنر چکوال ڈیشان شریف قیصرانی، ریونیو افسران، انچارج اراضی ریکارڈ سنٹر اور ریونیو کے دیگر اہلکاران بھی موجود تھے۔ اے ڈی سی آر نے احکامات جاری کئے کہ عوام کی طرف سے پیش کردہ مسائل کا فوری حل ریونیو عوامی خدمت سروسز پروگرام کی اصل روح کے مطابق یقینی بنایا جائے گا۔ انہوں نے ریونیو افسران و اہلکاران کو واضح حکم دیا کہ عوامی مسائل کے حل میں تاخیر و التواء کو قطعاً برداشت نہیں کیا جائے گا۔ اے ڈی سی آر نے اسسٹنٹ کمشنر کو ہدایت کی کہ عوامی مسائل کے حل کے لئے متعلقہ افسران و اہلکاران کی کارکردگی پر کڑی نظر رکھی جائے تاکہ کوئی اہلکار عوامی مسائل کے حل میں غفلت نہ کرنے پائے۔ انہوں نے عوام کو یقین دلایا کہ انہیں حکومت پنجاب کے ریونیو عوامی خدمت سروسز پروگرام کے حقیقی ثمرات کی فراہمی میں کوئی کسر اٹھا نہیں رکھی جائے گی۔

پاکستان عظیم ملک ہے بھارت کسی بھول میں نہ رہے: چوہدری طیب اسلام

کوئی غلط حرکت کی گئی تو منہ توڑ دیں گے پاکستان کا بچہ بچہ وطن کا دفاع کرنا جانتا ہے



نارنگ منڈی (میاں معظم سے) پاکستان عظیم ملک ہے بھارت کسی بھول میں نہ رہے کوئی غلط حرکت کی گئی تو منہ توڑ دیں گے پاکستان کا بچہ بچہ وطن کے دفاع کرنا جانتا ہے ملکی سالمیت سب سے بڑھ کر عزیز ہے محب وطن پاکستانی وطن عزیز کی حفاظت کیلئے کسی قربانی سے دریغ نہیں کریں گے نریندر مودی بھول کر بھی پاکستان کو آزمانے کی کوشش نہ کرے جذبہ شہادت سے بڑھ کر کوئی طاقت نہیں ان خیالات کا اظہار پاکستان مسلم لیگ ن کے سابق کونسلر چوہدری طیب اسلام نے گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے مزید کہا کہ ہم خطے میں امن چاہتے ہیں لیکن کسی بھی جارحیت کا منہ توڑ جواب دیں گے پاک آرمی اور سیکورٹی ادارے بالکل تیار ہیں بھارت پاکستان دشمنی میں بوکھلا گیا ہے عالمی دنیا نریندر مودی اور بھارت کی اعلی قیادت کی بیوقوفیوں پر ہنس رہی ہے پاکستان کی بہترین حکمت عملی سے بھارت کو کروڑوں ڈالرز کا نقصان ہو رہا ہے اگر کسی قسم کی جارحیت دکھائی گئی تو بھارت کو منہ کی کھانی پڑے گی۔

ڈسٹرکٹ ایمرجنسی آفیسر انجینئر احتشام کی زیر صدارت ماہانہ کارکردگی اجلاس سنٹرل اسٹیشن اوکاڑہ میں منعقد ہوا

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) ڈسٹرکٹ ایمرجنسی آفیسر انجینئر احتشام کی زیر صدارت ماہانہ کارکردگی اجلاس سنٹرل اسٹیشن اوکاڑہ میں منعقد ہوا۔ ڈسٹرکٹ ایمرجنسی آفیسر نے کارکردگی رپورٹ جاری کرتے ہوئے بتایا کہ ریسکیو 1122 اوکاڑہ کو گزشتہ ماہ کل 23566 کالز موصول ہوئی جس میں 5437 ایمرجنسی کالز تھیں۔ 13723 غیر متعلقہ اور مس کالز، 431 معلوماتی، 25 رونگ کالز اور 24 فیک کالز تھیں۔ ایمرجنسی میں 1269 روڈ ٹریفک حادثات، 3554 میڈیکل، 100 آگ لگنے کے واقعات، 135 کرائم اور 441 متفرق قسم کے حادثات شامل تھے۔ روڈ ٹریفک حادثات میں 1537 افراد متاثر ہوئے جن میں 10 افراد زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے جان بحق ہوئے جبکہ 885 افراد کو موقع پر ہی ابتدائی طبی امداد دی گئی اور 642 متاثرین کو طبی امداد دیتے ہوئے ہسپتال میں منتقل کیا گیا۔ آگ لگنے کے 100 واقعات ہوئے جن میں 08 کمرشل ایریا، 09 رہائشی علاقے اور 83 دیگر ایریا پیش آئے۔

پاکستان پیپلز پارٹی مزدور طبقہ کی جماعت ہے: راجہ امجد نور

مجھے فخر ہے میں خود ایک مزدور ہوں، مزدور کا بیٹا ہوں، رہنما پیپلز پارٹی



چوآیدن شاہ (ایم ایوب سلطانی) پاکستان پیپلز پارٹی غریب محنت کش طبقے کی نمائندہ جماعت ہے پاکستان پیپلز پارٹی کو جب بھی اقتدار ملا پاکستان پیپلز پارٹی کی قیادت نے غریب محنت کش طبقہ کے مسائل حل کرنے کی پوری کوشش کی۔ ان خیالات کا اظہار عوامی لیڈر خان راجہ امجد نور امیدوار پاکستان پیپلز پارٹی برائے صوبائی اسمبلی حلقہ پی پی 21 چکوال نے اپنے حلقہ میں محنت کش دیہاڑی دار مزدوروں کے ساتھ دوران ملاقات کی۔ انہوں نے یکم مئی کا دن اپنے مزدور محنت کش دیہاڑی دار عوام کے ساتھ گزارہ۔ انہوں نے کہا کے مجھے فخر ہے میں خود ایک مزدور ہوں، مزدور کا بیٹا ہوں، ہمارا گھرانہ مزدوروں کا گھرانہ have ہے انہوں نے مزید کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی کی قیادت ہی غریب محنت کش دیہاڑی دار طبقہ کے حق میں آواز بلند کرتی ہے۔

رانا محمد ریاض کی چیف آفیسر ضلع کونسل فیصل شہزاد سے اہم ملاقات

پارلیمانی سیکرٹری رانا محمد فیاض ایم پی اے کے حلقہ میں ترقیاتی کام تیز کرنے کا عندیہ دیا



سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) ممبر شہزاد نے جاری ترقیاتی منصوبہ جات بارے مکمل تفصیلی بریفنگ دیتے ہوئے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایت پر ضلع بھر میں جاری عوامی ترقیاتی منصوبہ جات پر کام تیزی سے جاری ہے اور انشاء اللہ رانا محمد فیاض ایم پی اے کے حلقہ میں ان کی ہدایت کے عین مطابق عوام کیلئے کارپٹڈ سڑکوں اور نکاسی آب کیلئے جاری منصوبہ جات بشمول دیہی وارڈن گلیوں و نالیوں کی پختگی کا کام بھی سرعت سے کرا رہے ہیں۔

الحرمین ڈینٹل کیئر کے زیر اہتمام مورخہ 4 مئی بروز اتوار فری ڈینٹل کیمپ لگایا جائے گا

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) الحرمین ڈینٹل کیئر کے زیر اہتمام مورخہ 4 مئی بروز اتوار فری ڈینٹل کیمپ لگایا جائے گا جس میں ڈاکٹر منیب اکرم اور ڈاکٹر منیزہ منیب اکرم دن 9 تا 1 بجے دوپہر تک مریضوں کا معائنہ اور مفت ادویات فراہم کریں گی کیمپ کے انتظامات کی نگرانی آل صدیق ویلفیئر فاؤنڈیشن بھلکھی کے عہدیداران کریں گے۔

محمد اقبال لاشاری سی او گلوبل میرج ہال کو میرج ہال ایسوسی ایشن چنیوٹ ضلع کا صدر نامزد کر دیا گیا

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) محمد اقبال لاشاری سی او گلوبل میرج ہال کو میرج ہال ایسوسی ایشن چنیوٹ ضلع کا صدر نامزد کر دیا گیا اس سلسلے میں صدر میرج ہال ایسوسی ایشن ضلع چنیوٹ محمد اقبال لاشاری نے عشائیہ کا اہتمام کیا جس میں جنرل سیکرٹری شیخ احسن رضا دیوان خاص میرج ہال، نائب صدر فیصل شہزاد چناب محل میرج ہال، فنانس سیکرٹری حاجی ریاض مغل نے شرکت کی اس کے علاوہ بھوانہ لالیاں چنیوٹ کے تمام میرج ہال مالکان نے شرکت کی آخر میں صدر میرج ہال ایسوسی ایشن محمد اقبال لاشاری نے کہا ہم تمام میرج ہال کے مسائل پر تمام بھائیوں سے بھرپور تعاون کریں گے۔

ہیومن رائٹس اینڈ ویلفیئر کونسل چنیوٹ کے زیر اہتمام ماہانہ فری طبی کیمپ لگایا گیا

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) ہیومن رائٹس اینڈ ویلفیئر کونسل چنیوٹ کے زیر اہتمام ماہانہ فری طبی کیمپ لگایا گیا کیمپ کا افتتاح حکیم منظور حسین مکی نے کیا اس موقع پر صدر ہیومن رائٹس اینڈ ویلفیئر کونسل رجسٹرڈ چنیوٹ شوکت علی آزاد ایڈووکیٹ سینئر نائب صدر حاجی ملک الطاف حسین کے علاوہ دیگر عہدیداران راجہ ریاض احمد خان وقار احمد شورش آزاد ایڈووکیٹ سید نور الحسن شاہ، پیر زادہ اقبال حسین بھی ہمراہ موجود تھے فری طبی کیمپ کے دوران مریضوں کا مفت چیک اپ اور مفت ادویات دی گئی معروف نبض شناس حکیم منظور حسین مکی نے مریضوں کا چیک اپ کیا تقریب کے دوران صدر شوکت علی آزاد ایڈووکیٹ نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ہماری تنظیم کے زیر اہتمام ہر ماہ فری طبی کیمپ لگایا جاتا ہے۔

نوجوان نسل کو منشیات سے دور رکھنا ہمارا فرض ہے: اطہر اسماعیل

رانا سفاری پارک پاکستان کے تمام پارکوں میں اپنا الگ مقام رکھتا ہے



ننکانہ صاحب (چوہدری محمد عرفان گجر) ننکانہ صاحب اپنی نوجوان نسل کو منشیات سے پاک اور دوسری برائیوں سے دور رکھنا ہمارا فرض ہے اطہر اسماعیل تفصیلات کے مطابق آر پی او شیخوپورہ اطہر اسماعیل نے رانا سفاری پارک ہیڈ بلوکی میں پیورس گالا کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ جس طرح نوجوانوں نے اپنے فن کا مظاہرہ کیا اور جس ڈسپلن کا مظاہرہ کیا ہے ان کی صلاحیتیں سامنے آئی ہے میں ان کو مبارکباد پیش کرتا ہوں ایسے ایونٹ اور فنکشنز کروا کے ایسی جگہوں پر ایسے پھول لا کے اپنی نوجوان نسل کو منشیات سے دور رکھنا اور دوسری برائیوں سے پاک رکھنا ہمارا فرض ہے اگر ہماری نوجوان نسل خراب ہو رہی ہے تو اس میں ان کا قطعاً ان کوئی قصور نہیں ہے پروفیسر ڈاکٹر ظفر فرید اور پروفیسر ڈاکٹر عائشہ شوکت جنہوں نے رانا سفاری پارک میں اتنا خوبصورت میلہ لگایا پروفیسر ڈاکٹر ظفر فرید پرنسپل امیر الدین ٹرسٹ کالج لاہور نے کہا کہ رانا شوکت محمود نے اپنی لگن کے ساتھ رانا سفاری پارک کی بنیاد رکھی جس کو دیکھنے نہ صرف پاکستان کے شہری بلکہ دوسرے ممالک سے بھی سیر و سیاحت کے لیے آتے ہیں رانا سفاری پارک پاکستان کے تمام پارکوں میں اپنا الگ مقام رکھتا ہے کمپیرنگ کے فرائض انوار الحق نے ادا کیے اس موقع پر سرفراز احمد غازی فرید ڈاکٹر رانا شفیق ایم ایس حیات میموریل ہسپتال لیکچر کالج جنرل منیجر رانا قیوم رانا فرحان محمود و دیگر شرکاء موجود تھے کرکٹ کا فائنل میچ پھولنگر کی ٹیم نے جیت لیا اور ٹرافی اپنے نام کی تقریب کے آخر میں نجی سکول کے بچوں نے قومی ترانوں پر ٹیبلو پیش کیا اور پاک فوج سے اظہار یکجہتی کے لیے فوجی لباس میں بچوں نے مختلف پوز بنا کر ٹیبلو پیش کیا آر پی او شیخوپورہ اطہر اسماعیل نے جیتنے والی ٹیموں میں نقد کیش اور ٹرافی تقسیم کی آخر میں سبھی نے پاک فوج سے اظہار یکجہتی کرتے ہوئے پاک فوج اور پاکستانی زندہ باد کے نعرے لگائے

مصطفی آباد: اسسٹنٹ کمشنر اسفندیار کی زیر نگرانی تجاوزات کے خلاف آپریشن جاری

تجاوزات کا خاتمہ کر کے شہریوں کے لئے سہولت فراہم کرے گے: اسسٹنٹ کمشنر

مصطفی آباد/للیانی (نمائندہ خصوصی) اسسٹنٹ کمشنر قصور اسفندیار کی زیر نگرانی تجاوزات کے خلاف آپریشن جاری، تجاوزات کا خاتمہ کر کے شہریوں کے لئے سہولت فراہم کرے گے، تجاوزات کے خلاف آپریشن جارہے گا، اسسٹنٹ کمشنر تفصیلات کے مطابق وزیر اعلی پنجاب مریم نواز شریف کے وژن اور ڈپٹی کمشنر قصور عمران علی کے خصوصی احکامات کی روشنی میں اسسٹنٹ کمشنر قصور اسفندیار کی زیر نگرانی مصطفی آباد سروس روڈ پر قائم تجاوزات کے خاتمہ کے لئے میونسپل کمیٹی مصطفی آباد کی طرف سے تجاوزات کے خلاف آپریشن جاری، اسسٹنٹ کمشنر اسفند یار کی زیر نگرانی میونسپل کمیٹی کے عملہ نے تجاوزات کو قبضہ میں لے لیا، جبکہ پھل و سبزی فروخت کرنے والوں کو وارننگ دیتے ہوئے کہا کہ مصطفی آباد سروس روڈ کو کلیئر کروانا ہمارا مشن ہے، اس موقع پر چیف آفیسر میونسپل کمیٹی مصطفی آباد محمد فاروق، ایم او تفویض خالد، انکروچمنٹ انسپکٹر جمیل احمد، پنجاب پولیس، ٹریفک پولیس، صدر انجمن تاجران مصطفی آباد ملک غلام رسول، صدر پریس کلب مصطفی آباد للیانی رجسٹرڈ محمد عمران سلفی و دیگر اداروں کے ذمہ داران بھی ان کے ہمراہ تھے، اسسٹنٹ کمشنر قصور اسفندیار نے کہا کہ وزیر اعلی پنجاب و ڈپٹی کمشنر قصور کے خصوصی احکامات کی روشنی میں مصطفی آباد میں سروس روڈ کو کلیئر کروانا ہمارا مشن ہے۔

اسسٹنٹ کمشنر رب نواز کا صفائی ستھرائی انتظامات کی چیکنگ کے لیے شہر کے مختلف مقامات کا دورہ

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) اسسٹنٹ کمشنر رب نواز کا صفائی ستھرائی انتظامات کی چیکنگ کے لیے شہر کے مختلف مقامات کا دورہ، انہوں نے کالج روڈ، تحصیل روڈ، ایم اے جناح روڈ اور بے نظیر روڈ پر صفائی ستھرائی کے امور کی چیکنگ کی اور اس سلسلہ میں تشکیل دی گئی ٹیموں پر وقت تمام روزگی تواتر سے صفائی کے لیے ہدایات جاری کیں، اسسٹنٹ کمشنر رب نواز نے فوارہ چوک میں ڈی سینگ یہ عمل کا جائزہ لیا ہے اور عوامی سہولت کے پیش نظر فوری طور پر سیوریج لائنوں کو کلیئر کرنے کے احکامات جاری کیے، اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر رب نواز نے کہا کہ عوام کو صاف ستھرا ماحول فراہم کرنے کے لیے ایک اقدامات کا سلسلہ جاری ہے۔



تجاوزات کے خلاف آپریشن پوری شدت سے جاری ہے: الفت شہزاد

غیر قانونی تھڑے، دکانوں کے آگے رکھے گئے سامان اور دیگر رکاوٹوں کو ہٹایا جا رہا ہے



سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) چیف آفیسر میونسپل کمیٹی ڈسکہ الفت شہزاد کی جانب سے جامکے روڈ کی ہدایات پر شہریوں کو بہتر سفری سہولیات اور ٹریفک کی روانی کو بحال رکھنے کے لیے کی جا رہی ہے۔ چیف آفیسر میونسپل کمیٹی نے بتایا کہ بارہا تنبیہ اور نوٹسز کے باوجود بعض دکاندار تجاوزات قائم کیے ہوئے تھے، جس کے بعد یہ قدم اٹھانا ناگزیر ہو گیا تھا۔ شہری حلقوں نے اس اقدام کو سراہا ہے اور امید ظاہر کی ہے کہ یہ آپریشن مستقل بنیادوں پر جاری رہے گا تاکہ عوام کو درپیش مسائل کم ہو سکیں۔

قبر تک علم حاصل کرو سیکھنے کی کوئی عمر نہیں ہوتی: ڈاکٹر محمد یوسف کاظمی

جی سی یونیورسٹی کے ساتھ بہت سے یادیں وابستہ ہیں جب ہم نے یہاں سے علم کی پیاس بجھائی تو بہت کچھ سیکھنے کو ملا



نارنگ منڈی (میاں معظم سے) مادر علمی سے محبت ہمیں مزید مضبوط کرتی ہے جی سی یونیورسٹی کے ساتھ بہت سے یادیں وابستہ ہیں جب ہم نے یہاں سے علم کی پیاس بجھائی تو بہت کچھ سیکھنے کو ملا یہاں گزارا ہوا وقت ذہن میں آج بھی نقش ہے یہی وجہ ہے کہ یہاں کی محبت دوبارہ یہاں کھینچ لائی ہے ان خیالات کا اظہار سابق ڈائریکٹر ہیلتھ پنجاب ڈاکٹر محمد یوسف کاظمی نے مادر علمی جی سی یونیورسٹی لاہور کے دورے کے موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے مزید کہا کہ بچے کی پہلی درسگاہ ماں کی گود ہے کہا گیا ہے کہ گود سے لے کر قبر تک علم حاصل کرو سیکھنے کی کوئی عمر نہیں ہوتی خوشی ہے کہ جی سی یونیورسٹی سے تعلیم مکمل کر کے محکمہ صحت میں اعلی پوسٹ پر خدمات سرانجام دی ہیں مستقبل نوجوانوں کا ہے نوجوان تعلیم کے میدان میں اپنا مقام پیدا کر کے ملک وقوم کی تعمیر وترقی کیلئے اپنی خدمات سرانجام دے کر سرخرو ہو سکتے ہیں۔

ایجوکیشن افسران اپنی ذمہ داریوں کا ادراک کریں: ڈپٹی کمشنر صفی اللہ گوندل

سکولوں کے باقاعدگی سے دورے کر کے زمینی حقائق کے مطابق رپورٹس فراہم کی جائیں

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) ڈپٹی کمشنر صفی اللہ گوندل نے کہا ہے کہ ایجوکیشن افسران اپنی ذمہ داریوں کا ادراک کریں اور سکولوں کے باقاعدگی سے دورے کر کے زمینی حقائق کے مطابق رپورٹس فراہم کی جائیں۔ انہوں نے واضح کیا کہ کام چوروں کی ضلع میں کوئی گنجائش نہیں۔ ڈسٹرکٹ ایجوکیشن ریویو کمیٹی کے ماہانہ اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر نے ایجوکیشن افسران کی انفرادی کارکردگی کا جائزہ لیا اور کہا کہ عادی غیر حاضر ٹیچنگ و نان ٹیچنگ سٹاف کے خلاف محکمانہ کارروائی میں تاخیر نہیں ہونی چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ سکولوں کے وزٹس کے دوران سامنے آنے والے مسائل کے حل تک چین سے نہ بیٹھیں۔ انہوں نے سکولوں میں واش رومز کے فعال ہونے، پینے کے پانی کی دستیابی، بجلی کنکشنز، چاردیواریوں کی تعمیر پر بریفنگ لی اور بعض عدم دستیاب سہولیات کی سو فیصد فراہمی کے لئے ڈی ای او ایجوکیشن کو ہدایات جاری کیں۔ ڈپٹی کمشنر نے سکول کونسلز کو مکمل فعال رکھنے اور انتظامی امور میں شفافیت کو ہر صورت ملحوظ خاطر رکھنے کی بھی تاکید کی۔ انہوں نے انرولمنٹ مہم کے اہداف کا جائزہ لیا اور کہا کہ داخل ہونے والے طالب علموں کی حاضری کو یقینی بنائیں۔ انہوں نے کہا کہ سرکاری سکولوں میں کوالٹی ایجوکیشن کی فراہمی ترجیح ہونی چاہیے اس مقصد کیلئے اساتذہ کو مزید متحرک کریں۔ انہوں نے کہا کہ کوئی انکوائریز یرالتوا نہیں رہنی چاہیے، اسسٹنٹ ایجوکیشن افسران اپنی رپورٹنگ کو بہتر کریں۔ انہوں نے ای ڈی او ایجوکیشن کو ہدایت کی کہ وہ ضلعی میٹنگ سے قبل تمام افسران سے میٹنگ کریں۔ ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ طالب علموں کو دور حاضر کے تقاضوں کے مطابق تعلیم سے آراستہ کرنے کے ساتھ معیاری تربیت بھی فراہم کرنی ہے جس کے لئے اساتذہ پر بھاری ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ روگردانی کی کوئی گنجائش نہیں۔ انہوں نے سکولوں میں کھیلوں کے مقابلوں کا مسلسل سے انعقاد یقینی بنانے کی ضرورت پر بھی زور دیا سی ای او ایجوکیشن ظفر اقبال وٹو نے محکمانہ کارکردگی، سکولوں کے وزٹس سمیت انتظامی و تدریسی امور پر بریفنگ دی۔

جرم و سزا

CRIME & COURT

خاتون سے گھر میں گھس کر زنا بالجبر کرنے والا مجرم اشتہاری گرفتار

ملزم کی گرفتاری پر سماجی و سیاسی تنظیموں اور علاقے کے مکینوں کا پولیس کو خراج تحسین



گوجرانولہ (نوید بخاری قوت بیورو) سٹی پولیس آفیسر محمد ایاز سلیم نے ضلع بھر میں جرائم پیشہ عناصر اور مجرمان اشتہاریوں کی گرفتاری کے سخت احکامات جاری کیے تھے۔ جرم اشتہاری نے ایک سال قبل علاقہ تھانہ سوہدرہ میں خاتون سے گھر میں گھس کر زنا بالجبر کیا تھا۔ سماج دشمن عناصر کے خلاف بھرپور کاروائیاں کرنے پر لوگوں نے مقامی پولیس کو زبردست خراج تحسین پیش کیا۔ اس موقع پر سی پی او کا کہنا ہے کہ درندہ صفت ملزمان معاشرے کا ناسور ہیں ان سے آہنی ہاتھوں سے نمٹا جائے گا۔ سی پی او نے ایس ایچ او تھانہ سوہدرہ سب انسپکٹر مختار باجوہ اور اُنکی پولیس ٹیم کے جوانوں کو اعلی کارکردگی کا مظاہرہ کرنے پر شاباش دی۔

اے ٹی ایم مشینوں سے پیسے نکلوانے والا فراڈیا پکڑ گیا

9 اے ٹی ایم کارڈ برآمد، تھانہ سٹی پولیس کے حوالے کر دیا گیا



میاں چنوں (نمائندہ خصوصی) اے ٹی ایم مشینوں سے پیسے نکلوانے والے مردوں و خواتین کو جھانسہ دیکر پیسے بٹورنے والا فراڈیا پکڑا گیا، 9 اے ٹی ایم کارڈ برآمد، تھانہ سٹی پولیس کے حوالے کر دیا گیا، ملزم سے 9 اے ٹی ایم کارڈ برآمد ہوئے جو ملزم نے شہریوں کو جھانسہ دیکر لوٹ رکھے تھے، ملزم کے بارے پتہ چلنے پر متعدد متاثرہ شہری تھانے پہنچ گئے، ملزم کا نام محمد سرور ہے جو پاکپتن کا رہائشی ہے۔

گھر سے 25 لاکھ چوری کرنے والی خاتون گرفتار: جیل روانہ

پولیس جدید سائنٹفک طریقہ اور سی ٹی وی کی مدد سے نامعلوم چور خاتون کو ٹریس کیا، ملزمہ کے قبضہ سے چوری کی گئی رقم 25 لاکھ روپے برآمد



گوجرانولہ (نوید بخاری قوت بیورو) سٹی پولیس آفیسر محمد ایاز سلیم نے ضلع بھر میں چوروں اور ڈکیتوں کے خلاف سخت کاروائیاں کرنے کے احکامات جاری کر رکھے ہیں انہی احکامات کے پیش نظر ایس پی سول لائن شاہد رشید کی ہدائت پر ڈی ایس پی کینٹ سرفراز احمد رانجھا کی زیر نگرانی ایس ایچ او تھانہ اروپ انسپکٹر زبیر سیال نے اپنی پولیس ٹیم کے ہمراہ گھر سے 25 لاکھ چوری کرنے والی خاتون کو سائنٹفک طریقہ اور سی ٹی وی فوٹیج کی مدد سے گرفتار کر لیا۔ ملزمہ کے قبضہ سے چوری کی گئی رقم 25 لاکھ روپے بھی برآمد کر لیے۔ ملزمہ کی شناخت مسرت بی بی کے نام سے ہوئی، جیل روانہ۔ دوران تفتیش ملزمہ نے انکشاف کیا کہ وہ گھروں میں خیرات اور صدیقہ کے بہانے داخل ہوتی ہے۔ جس الماری میں رقم ہوتی وہاں جا کر الماری کا لاک توڑتی، رقم اٹھاتی اور فرار ہو جاتی۔ ملزمہ سابقہ ریکارڈ یافتہ ہے۔ سماج دشمن عناصر کے خلاف بھرپور کاروائیاں کرنے پر لوگوں نے مقامی پولیس کو زبردست خراج تحسین پیش کیا۔ اس موقع پر سی پی او کا کہنا ہے کہ چور و ڈکیت معاشرے کا ناسور ہیں ان کے خلاف بلا امتیاز کاروائیاں جاری رہیں گی۔ سی پی او نے ایس ایچ او تھانہ اروپ انسپکٹر زبیر سیال کو اعلی کارکردگی کا مظاہرہ کرنے پر شاباش دی۔

اسٹریٹ لائٹس نہ ہونے سے چوری اور ڈکیتی کی وارداتوں میں اضافہ

نارنگ منڈی (نمائندہ خصوصی) اسٹریٹ لائٹس نہ ہونے سے شہریوں کو مشکلات کا سامنا شام ہوتے ہی علاقہ اندھیرے میں ڈوب جاتا ہے چوری اور ڈکیتی کی وارداتوں میں اضافہ رات کے اندھیرے میں شہری ٹھوکریں کھا کر روزانہ کی بنیاد پر زخمی ہو رہے ہیں تفصیل کے مطابق شہر بھر میں سٹریٹ لائٹس نہ ہونے سے اہل علاقہ کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے رات کی تاریکی میں وارداتوں میں اضافہ ہو گیا ہے ریلوے اسٹیشن پر گھر اندھیرا ہونے سے مسافر گر کر زخمی ہو جاتے ہیں متعدد بار سٹریٹ لائٹس کی تنصیب کا وعدہ کیا گیا ہے اس کے باوجود عملدرآمد نہیں ہو سکا اہل علاقہ نے وفاقی وزیر غذائی تحقیق رانا تنویر حسین رکن قومی اسمبلی رانا احمد عتیق انور اور رکن صوبائی اسمبلی چوہدری حسان ریاض سے مطالبہ کیا ہے کہ جلد سے جلد نارنگ منڈی میں سٹریٹ لائٹس کی تنصیب کا عمل شروع کیا جائے تاکہ اہل علاقہ کی مشکلات کم ہو سکیں۔

حافظ آباد میں چک گجراں کے قریب سی ڈی کو اور ڈاکوؤں میں مبینہ مقابلہ۔ 3 ڈاکو ہلاک جبکہ تین فرار ہو گئے

حافظ آباد (بیورو رپورٹ) حافظ آباد میں چک گجراں کے قریب سی ڈی پولیس اور ڈاکوؤں میں مبینہ مقابلہ۔ 3 ڈاکو ہلاک جبکہ تین فرار ہو گئے۔ تھانہ کموکی میں درج کروائی گئی ایف آئی آر کے مطابق پولیس ملازمین اپنی گاڑی میں شیخوپورہ روڈ پر جا رہے تھے کہ دو موٹر سائیکلوں پر سوار تین تین افراد سوار تھے جنھوں مشکوک سمجھ کر پولیس نے رکنے کا اشارہ کیا تو انہوں نے پولیس پر فائرنگ کر دی جس کے نتیجہ میں پولیس ملازمین نے بھی اپنے دفاع میں فائرنگ کی تو اسکے نتیجہ میں تین ملزمان اپنے ہی ساتھیوں کی فائرنگ سے شدید زخمی ہو گئے جنھیں فوری ٹراما سنٹر پہنچایا گیا جہاں وہ دم توڑ گئے۔ ہلاک ہونے والے تینوں ملزمان کی شناخت مراتب ضیغم اور جہانگیر کے ناموں سے ہوئی جو کہ ریکارڈ یافتہ اور بدنام زمانہ ڈکیت تھے دوسری جانب انکے تین ساتھی ملزمان فرار ہونے میں کامیاب ہو گئے۔

حادثات سے بچاؤ کے لئے دریا، نہروں اور جھیل میں نہانے پر پابندی عائد

اجلاس میں کنٹرول روم انچارج محمد نوید، ریسکیو ایجنسی آفیسر علی عمران، سٹیشن کوارڈینیٹر سعید احمد، میڈیا کوارڈینیٹر علی اکبر اور تمام ریسکیو آفیسرز نے شرکت کی

ننکانہ صاحب (چوہدری محمد عرفان گجر) ضلعی ہیڈکوارٹرز پنجاب ایمرجنسی سروس ریسکیو 1122 ننکانہ صاحب میں 763 روڈ ٹریفک ایکسیڈنٹ، 2057 میڈیکل 134، فائر کیس، پانی میں ڈوبنے کے 5 واقعات، 72



ملبانہ کارکردگی کے حوالے سے اجلاس منعقد ہوا جس کی صدارت ڈسٹرکٹ ایمرجنسی آفیسر محمد اکرم پنوار نے کی اجلاس میں کنٹرول روم انچارج محمد نوید، ریسکیو سٹیشن آفیسر علی عمران، سٹیشن کوارڈینیٹر سعید احمد، میڈیا کوارڈینیٹر علی اکبر اور تمام ریسکیو آفیسرز و انچارجز نے شرکت کی۔ اجلاس میں کنٹرول روم انچارج محمد نوید نے ڈسٹرکٹ ایمرجنسی آفیسر محمد اکرم پنوار کو بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ پنجاب ایمرجنسی سروس ریسکیو 1122 ننکانہ صاحب کو اپریل میں 14525 موصول ہونے والی کالز میں 3371 ایمرجنسی کالز تھیں۔ 3371 ایمرجنسیز کالز پر 3556 متاثرین کو ریسکیو سروس مہیا کی گئی جن میں لڑائی جھگڑے اور تشدد اور 340 متفرق ایمرجنسیز تھیں مزید براں ریسکیو 1122 ننکانہ صاحب نے اوسطاً 7 منٹس ریسپانس ٹائم برقرار رکھتے ہوئے 1276 زخمیوں کو موقع پر طبی امداد دی جبکہ 2194 متاثرین کو طبی امداد دینے کے بعد مختلف ہسپتالوں میں منتقل کر دیا گیا اور ان حادثات و میڈیکل ایمرجنسیز کے دوران 86 متاثرین جانبر نہ ہو سکے۔ اس کے علاوہ ضلعی سطح پر علاج کی سہولیات میسر نہ ہونے کی وجہ سے ڈاکٹرز نے 334 مریضوں کو ریفر کر دیا جنہیں ریسکیو 1122 ننکانہ صاحب کی پیشنٹ ٹرانسفر سروس کے ذریعے لاہور اور فیصل آباد کے ہسپتالوں میں بلا معاوضہ اور بحفاظت منتقل کیا گیا۔

ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر فنانس اینڈ پلاننگ کی زیر صدارت اجلاس کا انعقاد

اجلاس میں تمام متعلقہ اداروں کے افسران اور مزدور افراد کے نمائندوں نے شرکت کی



اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر فنانس اینڈ پلاننگ چوہدری عبدالجبار گجر کی زیر صدارت ضلعی ہیومن ویلفیئر یونٹ برائے معذور افراد کے اجلاس کا انعقاد، اجلاس میں تمام متعلقہ اداروں کے افسران اور مزدور افراد کے نمائندوں نے شرکت کی، اجلاس کو منظور افراد کی پرائیویٹ اور سرکاری اداروں میں بھرتی کے لیے 3 فیصد کوٹہ پر عمل درآمد اور سفری سہولیات میں رعایت اور معذور افراد کو درپیش مسائل کے بارے میں آگاہ کیا گیا، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر فنانس اینڈ پلاننگ چوہدری عبدالجبار گجر نے ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ سرکاری اور پرائیویٹ اداروں میں معذور افراد کے 3 فیصد کوٹہ پر عمل درآمد کرواتے ہوئے اس کا ریکارڈ ڈی سی آفس میں جمع کروایا جائے، اس کے علاوہ پبلک ٹرانسپورٹ میں معذور افراد کو خصوصی رعایت فراہم کرنے کے لیے سیکرٹری ڈی آر ٹی اے اڈہ مالکان کو پابند کریں، انہوں نے کہا کہ معذور افراد کو رعایت نا فراہم کرنے والے ٹرانسپورٹرز کے خلاف سخت کاروائی عمل

روزنامہ ''قوت'' لاہور(7) ہفتہ 3 مئی 2025ء

''قوت'' کلاسیفائیڈ

تمام اشتہارات نیک نیتی کے جذبہ سے شائع کئے جاتے ہیں کسی اشتہار کے غیر حقیقی ہونے کے بارے میں ادارہ کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا۔ پاکستانی صاف اور بڑے صفحہ پر ایک طرف لکھے ہوئے چائیں کٹے پھٹے اور مشکوک الفاظ والے اشتہارات غلط شائع ہونے کی شکایت قابل قبول نہ ہوگی۔

042-36360003

ہفتہ وار اتوار بند

ہفتہ — 1 — اشتہارات

اور عوام میں بھی اتفاق و اتحاد کی فضا پیدا ہوئی۔ سٹیٹر کرنل صدیقی نے اپنی صدارت کے دوران ڈپٹی کمشنر کا سیٹ میں مسلم لیگ (ن) پارلیمانی پارٹی کے عہدیداران کا اجلاس بلایا۔ اجلاس نے ضلعی دفاتر کے عہدیداران کے انتخاب کیلئے 4 رکنی کمیٹی تشکیل دی۔ اجلاس میں ضلعی دفاتر کے عہدیداران کے انتخاب کیلئے 4 رکنی کمیٹی تشکیل دی۔ اجلاس میں ضلعی دفاتر کے عہدیداران کے انتخاب کیلئے 4 رکنی کمیٹی تشکیل دی۔

ہفتہ — 2 — اشتہارات

جسٹس سلطان نجومی احمد زئی رکنی رکنی سلطان نجومی احمد زئی رکنی رکنی سلطان نجومی احمد زئی رکنی رکنی

جماعت اسلامی لاہور کے وفد کی لیسکو چیف لاہور انجینئر رمضان بٹ سے ملاقات

لیسکو کے تمام دفاتر میں شہریوں کی شکایت کے فوری حل کیلئے لائحہ عمل تشکیل دیا جائے، جماعت اسلامی پبلک ایڈ کمیٹی اپنا مؤثر کردار ادا کرے گی

ضیاء الدین انصاری ایڈووکیٹ نے لیسکو چیف کو شہر لاہور میں گلی محلوں اور بازاروں میں بجلی کی لٹکتی تاروں کے بڑے مسئلے کو جلد از جلد حل کرنے کے حوالے سے توجہ دلائی کیا

لاہور (خبر نگار) جماعت اسلامی لاہور کے وفد کی لاہور الیکٹرک سپلائی کمپنی کے چیف لاہور انجینئر رمضان بٹ کو لیسکو چیف بننے پر مبارکباد دی اور پھول پیش کیے اور اس موقع پر ضیاء الدین انصاری ایڈووکیٹ نے لیسکو چیف کو شہر لاہور میں گلی محلوں اور بازاروں میں بجلی کی لٹکتی تاروں کے بڑے مسئلے کو جلد از جلد حل کرنے کے حوالے سے توجہ دلائی۔ جماعت اسلامی پبلک ایڈ کمیٹی لیسکو کے متعلقہ مسائل کے حل کیلئے اپنا مؤثر کردار ادا کرے گی۔ اس موقع پر ضیاء الدین انصاری ایڈووکیٹ نے لیسکو چیف کو شہر لاہور میں گلی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 51)



لاہور: امیر جماعت اسلامی لاہور ضیاء الدین انصاری ایڈووکیٹ وفد کے ہمراہ لیسکو چیف لاہور انجینئر رمضان بٹ کو پھولوں کا گلدستہ پیش کر رہے ہیں

یو ای ٹی لاہور کے ایلومینائی نے سعودی عرب میں اپنا ایلومینائی چیپٹر قائم کر دیا

وائس چانسلر ڈاکٹر شاہد منیر کی زیر صدارت یو ای ٹی ایلومینائی سعودی چیپٹر کا ابتدائی اجلاس منعقد ہوا، جس میں متفقہ طور پر چیپٹر کے ابتدائی عہدیداران کا انتخاب کیا گیا

اختتامی اجلاس کے موقع پر وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر شاہد منیر نے تمام عہدیداران سے آن لائن ملاقات کی اور چیپٹر کے قیام پر ایک خوش آئند اور خیری قدم قرار دیا

لاہور (خبر نگار) یونیورسٹی آف انجینئرنگ اینڈ ٹیکنالوجی لاہور کے سابق طلباء نے سعودی عرب میں اپنا ایلومینائی چیپٹر قائم کر دیا۔ اس چیپٹر کے قیام کا مقصد سعودی عرب میں مقیم یو ای ٹی کے فارغ التحصیل طلباء کو ایک پلیٹ فارم پر متحد کرنا، باہمی رابطوں کو فروغ دینا اور یو ای ٹی لاہور کے ساتھ ان کے مضبوط اور مؤثر رابطہ قائم رکھنا ہے۔ وائس چانسلر ڈاکٹر شاہد منیر کی زیر صدارت یو ای ٹی ایلومینائی سعودی چیپٹر کا ابتدائی اجلاس منعقد ہوا، جس میں متفقہ طور پر چیپٹر کے ابتدائی عہدیداران کا انتخاب کیا گیا۔ منتخب عہدیداران میں مشیر ایلومر، صدر، عاصم ایلومر نائب صدر، جواد ایلومر، جنرل سیکرٹری، فہید ایلومر خاص سیکرٹری، سرمد ایلومر جوائنٹ سیکرٹری، عبدالرحمٰن ایلومر میڈیا اور ایکٹ ایلومن آفیسر اور داؤد ایلومر ویلفیئر اور ایونٹس کوآرڈینیٹر اپنی خدمات سر انجام دیں گے۔ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 54)

کاروباری طبقے کو آئندہ بجٹ میں مایوس نہ کیا جائے، خادم حسین

حکومت ریفیلف کے لئے آئی ایم ایف کو قائل کرنے کی کوشش کرے، بیان

لاہور (این این آئی) فائٹوکرگروپ کے سرکم رکن، پاکستان سٹون ڈیفینسٹ کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹر کے رکن، سینئر نائب صدر فیوڈ پور روڈ بورڈ اور ساتھی ممبر لاہور چیمبر آف کامرس خادم حسین نے کہا ہے کہ آئندہ مالی سال کے بجٹ میں کاروباری طبقات کیلئے آسانیاں پیدا کی جائیں، ریونیو اہداف کے حوالے سے موجودہ اطمینان بخش نہیں، بجلی ڈیوٹی نہیں آرہا، حکومت سے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 43)



لاہور: معروف عالم دین مفتی منیب الرحمان مسجد غوثیہ نمبر 1 مارکیٹ میں مقام معلا کا نفرنس سے خطاب کر رہے ہیں

مسلم لیگ (ن) مزدور کی جماعت ہے، سیف الملوک کھوکھر

ہمیشہ محنت کش طبقے کے حقوق کیلئے آواز بلند کی، ہمارے دین میں بھی محنت کرنے والے کی عظمت کو سلام کیا گیا ہے

پنجاب کی تاریخ میں پہلی مرتبہ مریم نواز راشن کارڈ لانچ کر دیا گیا، صوبائی وزیر فیصل ایوب کھوکھر کا تقریب سے خطاب



لاہور: مسلم لیگ (ن) لاہور کے صدر سیف الملوک کھوکھر لیبر ڈے کی مناسبت سے کیک کاٹ رہے ہیں

لاہور (این این آئی) مزدوروں کے عالمی دن کی مناسبت سے وائٹ پلیس میں شاندار تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ مسلم لیگ (ن) لاہور کے صدر ملک سیف الملوک کھوکھر، وزیر محنت و انسانی وسائل ملک فیصل ایوب کھوکھر، حافظ بلال سیف کھوکھر نے خصوصی شرکت کی۔ اس موقع پر مطیع الرحمٰن کھوکھر، رانا عرفان طارق، مہر شہباز اسلم، مہر ارشید عباسی، سہیلہ یاسمین حیدر، ملک کاشف حسین کھوکھر، چوہدری مختار جٹ، بصباء چوہدری اور فاطمہ بخاری (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 7 4)

ڈیشان رفیق اور ڈیشان ملک کا دورہ لاہور کے قرباتی منصوبوں کا جائزہ

لاہور ڈویلپمنٹ پروگرام کے تحت شہر کی تمام کچی گلیوں کو پختہ بنایا جا رہا ہے، برسوں سے ٹوٹی گلیوں کی تعمیر بھی ہو رہی ہے

ہر علاقے میں ترقیاتی سکیموں کے بارے میں مقامی منتخب نمائندوں سے بھی مشاورت کی جائے، ڈیشان رفیق، ڈیشان ملک کا جاری منصوبوں کی رفتار پر اطمینان کا اظہار

لاہور (خبر نگار) وزیر بلدیات ڈیشان رفیق اور وزیر اعلیٰ کے معاون خصوصی ڈیشان ملک لاہور ڈویلپمنٹ پروگرام کے تحت شاہدرہ میں قرباتی منصوبوں کا دورہ کر رہے ہیں



لاہور: وزیر بلدیات ڈیشان رفیق اور وزیر اعلیٰ کے معاون خصوصی ڈیشان ملک لاہور ڈویلپمنٹ پروگرام کے تحت شاہدرہ میں قرباتی منصوبوں کا دورہ کر رہے ہیں

لاہور ڈویلپمنٹ پروگرام کے تحت شہر کی تمام کچی گلیوں کو پختہ بنایا جا رہا ہے، برسوں سے ٹوٹی گلیوں کی مرمت کے ساتھ سٹریٹ لائٹس کی تنصیب بھی ہو رہی ہے۔ ڈیشان رفیق (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 52)

جائزہ لیا۔ ڈپٹی کمشنر ایڈمنسٹریٹر سپیشل کارپوریشن سید موسیٰ رضا اور ایم ڈی واسا اسد سعید غفران احمد نے صوبائی وزیر کو بریفنگ دی۔ صوبائی وزیر اور معاون خصوصی نے قرباتی سکیموں کے حوالے سے تفصیلی کام کی ہدایت کی۔ ڈیشان رفیق نے وزیر اعلیٰ کے معاون خصوصی ڈیشان ملک کو شہر کے ترقیاتی پروگرام کے تحت ملائے جانے والے علاقوں کے بارے میں بریفنگ دی۔ ڈیشان ملک نے کہا کہ ہر علاقے میں ترقیاتی سکیموں کے حوالے سے متعلقہ ایم پی اے، ایم این اے اور کونسلرز سے مشاورت کی جائے۔ ڈیشان رفیق نے کہا کہ ترقیاتی سکیموں کے حوالے سے ضروری ہدایات جاری کریں۔ وزیر بلدیات ڈیشان رفیق نے جاری منصوبوں کی رفتار پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ وزیر اعلیٰ مریم نواز نے صوبائی دارالحکومت کیلئے 137 ارب کا ترقیاتی پیکیج منظور کیا ہے۔ وزیر اعلیٰ کے وژن کے مطابق لاہور کو ترقی کے نئے دور میں لے جائیں گے۔ جماعت اسلامی پبلک ایڈ کمیٹی تشکیل دیا جائے، جماعت اسلامی پبلک ایڈ کمیٹی لیسکو کے متعلقہ مسائل کے حل کیلئے اپنا مؤثر کردار ادا کرے گی۔ اس موقع پر ضیاء الدین انصاری ایڈووکیٹ نے لیسکو چیف کو شہر لاہور میں گلی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 51)

پی ایم اے پنجاب کی اپنی مختلف برانچز اور ینگ ڈاکٹرز کے رہنماؤں کے خلاف انتقامی کارروائیوں کی شدید مذمت

لاہور (خبر نگار) پاکستان میڈیکل ایسوسی ایشن (پی ایم اے) پنجاب، اپنے مختلف برانچز اور ینگ ڈاکٹرز کے رہنماؤں کے خلاف جاری انتقامی کارروائیوں کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کرتی ہے۔ یہ اقدامات پنجاب حکومت کے ایک غیر جمہوری اور آمرانہ طرز عمل کی عکاسی کرتے ہیں، جن میں بنیادی حقوق کے لیے آواز بلند کرنے والوں کو دھمکایا جا رہا ہے اور ناجائز طریقوں سے دبایا جا رہا ہے۔ انتقامی تبادلے اور جبری اقدامات نہ صرف غیر قانونی ہیں بلکہ اخلاقی لحاظ سے بھی ناقابل قبول اور قابل مذمت ہیں۔ پی ایم اے پنجاب ان غیر منصفانہ کارروائیوں کے فوری (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 53)

کراچی پورٹ پر کارروائی، بڑی تعداد میں گدھوں کی کھالیں برآمد

کھالوں کا مجموعی وزن 14 ہزار کلوگرام، جن کی مالیت 8 کروڑ روپے، مقدمہ درج کر لیا گیا

کراچی (این این آئی) ایف بی آر نے کراچی پورٹ پر کارروائی کے دوران بڑی تعداد میں گدھوں کی کھالیں برآمد کر لی گئیں۔ ترجمان کے مطابق فیڈرل بورڈ آف ریونیو کی جانب سے سمگلنگ کے خلاف کارروائی جاری ہے۔ انفورسمنٹ کلکٹریٹ کراچی نے ساتھ ایشیا پاکستان پورٹ پر کارروائی کرتے ہوئے گدھوں کی کھالیں برآمد کیں، جو کراچی سے کنٹینر کے ذریعے منتقل کی کوشش ناکام بنادی گئی۔ ان چھپن (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 46)



کراچی: کوٹری کراسنگ ایریا میں پانی کے ٹینکر کے ایکسیڈنٹ کے بعد ٹینکر میں آگ لگی ہوئی ہے

پرائیویٹ ہسپتال سمیت 11 کینگرز پر نوٹیفکیشن میں شامل کرنیکا فیصلہ

یہ کینگرز پر نوٹیفکیشن لکیس ادا نہیں کر رہیں پر 70 کروڑ اضافی حاصل ہونگے، محکمہ ایکسائز

لاہور (این این آئی) محکمہ ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن اینڈ ایجنسٹس، فارن فرنچائز سمیت دیگر کینگرز پر شامل ہیں، یہ ایکسائز حکام کے مطابق قبل ازیں یہ کینگرز پر نوٹیفکیشن لکیس ادا نہیں کر رہی ہیں، 10 کینگرز پر لکیس سٹیمپس میں اضافہ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 38)

مخلوق خدا کی خدمت دین اسلام کا بنیادی جزو ہے، ڈاکٹر سلیمان مصباحی

علما و مشائخ کو مہر و محراب سے معاشرے میں امن محبت کے ساتھ مخلوق کی خدمت کے پیغام کو عام کریں

خدمت کے پیغام کو عام کریں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے جامعہ غوثیہ نمبر 1 مارکیٹ میں علما و مشائخ کے زیر صدارت مرکزی جامع مسجد غوثیہ جامعہ انوار رضا کے مہتمم اعلیٰ مفتی منیب الرحمٰن راوی روڈ اور دیگر علما کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر پاکستان سنی تحریک لاہور ڈویژن کے کوآرڈینیٹر صاحب (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 36)



لاہور: ایک قیام سڑک کنارے دوکان سجائے شہری کی شبیہ بنا رہا ہے

تیز رفتار بس الٹنے سے خواتین سمیت 4 افراد جاں بحق، 25 زخمی

جاں بحق ہونے والے افراد مختلف علاقوں کے رہائشی تھے جو حیدرآباد سے کراچی آرہے تھے

کراچی (این این آئی) کنٹونمنٹ بورڈ حیدرآباد سے کراچی آنے والی تیز رفتار بس ڈرائیور سے بے قابو ہو کر الٹ گئی، جس کے نتیجے میں دو خواتین سمیت 4 افراد جاں بحق اور 25 مسافر زخمی ہو گئے۔ تفصیلات کے مطابق اسٹیل ٹاؤن کے علاقے گشن حدید ریڈ کے قریب حیدرآباد سے کراچی آنے والی تیز رفتار مسافر بس ڈرائیور سے بے قابو ہو کر الٹ گئی جس کے باعث بس (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 68)

نظام میں بہتری سے ٹیکس پیئر اعتماد حاصل کیا جا سکتا ہے، نرسز پنجا

گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان سے لاہور نرسز ایسوسی ایشن کے وفد نے گورنر ہاؤس لاہور میں ملاقات کی، مختلف امور پر تبادلہ خیال

پنجاب میں کسانوں کے استحصال کو روکنے اور ایگریکلچر ٹیکس کی ڈیتھ بیلا ٹریشن کے لئے بھی اپنا کلیدی کردار ادا کروں گا، سردار سلیم حیدر خان

لاہور (این این آئی) گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان سے لاہور نرسز ایسوسی ایشن کے وفد نے گورنر ہاؤس لاہور میں ملاقات کی۔ وفد میں لاہور نرسز ایسوسی ایشن کے صدر ثناء اللہ، نائب صدر کامران ظفیل، جنرل سیکرٹری اسد حنیف، جوائنٹ سیکرٹری ڈیشان طاہر، فنانس سیکرٹری چوہدری اشتیاق گجر، سابق صدور لاہور نرسز ایسوسی ایشن محمد آصف رانا، نائب صدر ذوالفقار پرویز، شہباز صدیق (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 34)

امریکی قومی سلامتی کے مشیر مستعفی ہو جائیں گے، امریکی میڈیا

وائس کی جگہ کون لے گا واضح نہیں، ممکنہ امیدواروں میں امریکی خصوصی ایلچی سٹیو وٹکوف شامل

واشنگٹن (این این آئی) امریکی قومی سلامتی کے مشیر مائیک والٹس اور ان کے نائب ایلس ویلز کو ڈونلڈ ٹرمپ کی انتظامیہ میں اپنے عہدوں سے دستبردار ہو جائیں گے۔ امریکی میڈیا کی اطلاعات کے مطابق دونوں عہدوں سے الگ ہونے کا فیصلہ وائٹ ہاؤس نے اتوار کی شام کیا۔ رپورٹس کے مطابق والٹس کو اقوام متحدہ میں امریکی سفیر کا عہدہ پیش کیا گیا تھا۔ گزشتہ ہفتے وائٹ ہاؤس میں ہونے والی ایک ان خبروں پر کوئی تبصرہ نہیں کیا۔ گزشتہ ماہ ان میں اس وقت جانچ پڑتال کی گئی جب انہوں نے ایپ سگنل پر ایک گروپ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 63)



لاہور: عوامی ورکر پارٹی کے زیر اہتمام منعقد تقریب کے شرکا سے ایڈووکیٹ عابدہ چوہدری خطاب کر رہی ہیں

کراچی، ایم 9 موٹروے پر شارٹ سرکٹ کے باعث پلاٹ میں رکھا گیا سامان جل گیا

کراچی (این این آئی) کراچی میں ایم 9 موٹروے پر پنجاب پولیس اڈے کے قریب ایک ٹینٹ میں شارٹ سرکٹ کے باعث پلاٹ میں رکھا گیا سامان مکمل طور پر جل گیا۔ ریسکیو 1122 کے مطابق ایم 9 موٹروے پر پانی نیشنل ویلفیئر پلاٹ کے اوپر سے گزر رہی تھی، جس میں شارٹ سرکٹ ہوا اور پلاٹ میں رکھے ہوئے سامان میں آگ لگ گئی۔ پلاٹ میں زیر تعمیر رہائشی عمارت کے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 49)

لاڈ ویلپمنٹ پلان پراجیکٹس کیلئے ماہانہ ٹائم لائن مقرر کرنے کی ہدایت

وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف کی زیر صدارت خصوصی اجلاس، سینئر وزیر، چیف سیکرٹری کو لاہور ڈویلپمنٹ کی بروقت تکمیل کا ٹاسک سونپ دیا

میونسپل کارپوریشن لاہور کی 370 سڑکوں اور واسا کے زیر اہتمام 230 سٹریٹس کی تعمیر و بحالی کے لئے 30 جون کی ڈیڈ لائن مقرر کی گئی ہے

لاہور (این این آئی) لاہور ڈویلپمنٹ پلان کے پراجیکٹس کیلئے ماہانہ ٹائم لائن مقرر کرنے کی ہدایت کر دی گئی۔ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی زیر صدارت خصوصی اجلاس ہوا جس میں لاہور ڈویلپمنٹ پلان پر پیش رفت کا جائزہ لیا گیا۔ مریم نواز شریف نے سینئر وزیر اور چیف سیکرٹری کو لاہور ڈویلپمنٹ کی بروقت تکمیل کا ٹاسک سونپ دیا جبکہ پلان کیلئے ماہانہ ٹائم لائن مقرر کرنے کی ہدایت کی ہے۔ اجلاس میں لاہور ڈویلپمنٹ پلان کے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 64)

لاہور میں خودکشی سمیت مختلف واقعات میں چار افراد جان ہار گئے

ہیرا گوان منڈی میں چالیس سالہ شخص نے خود کو گولی ماری، ہاسپٹل پور میں درخت سے پھندا گلی لاش برآمد

ماتحہ کرایا۔ ہاسپٹل پور پولیس کے مطابق مقتول کی شناخت 40 سالہ محمد شفیق کے نام سے ہوئی ہے۔ ایدھی فاؤنڈیشن کے ترجمان کے مطابق لاش کو سرد خانے منتقل کر دیا گیا ہے۔ پولیس نے تحقیقات کا آغاز کر دیا ہے۔ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 48)

لاہور (این این آئی) صوبائی دارالحکومت لاہور میں خودکشی سمیت مختلف واقعات میں چار افراد جان کی بازی ہار گئے۔ ایدھی فاؤنڈیشن کے ترجمان کے مطابق پہلی واقعہ ڈیفنس کے تھانہ ہیرا گوان منڈی میں پیش آیا جہاں 40 سالہ شخص نے خود کو گولی مار کر خودکشی کر لی۔ ریسکیو 1122 کے مطابق ہیرا گوان منڈی میں پیش آنے والے دوسرے واقعہ میں 20 سالہ نوجوان نے پھندا لگا کر خودکشی کر لی۔ تیسرا واقعہ ماڈل ٹاؤن میں پیش آیا جہاں 40 سالہ شخص نے خود کو گولی مار کر خودکشی کر لی۔ چوتھا واقعہ ٹاؤن شپ میں پیش آیا جہاں 30 سالہ شخص نے خود کو گولی مار کر خودکشی کر لی۔ ایدھی فاؤنڈیشن کے ترجمان کے مطابق چاروں افراد کی لاشیں ورثا کے حوالے کر دی گئیں۔ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 48)

بھارت کا پاکستان سے شپنگ اور پوسٹل روابط بھی معطل کرنے پر غور

چارٹرڈ معاہدے کی خلاف ورزی پر بھارت نے لیے شپنگ انشورنس بڑھ جائیگی

بھارتی میڈیا شپنگ اور پوسٹل روابط کی معطلی سے پاکستان کے لیے مشکلات کا دعوا کر رہا ہے

کراچی (این این آئی) بھارت کا پاکستان کے شپنگ سیکٹر کے ماہرین نے دعویٰ کیا کہ پاکستان کے خلاف ایک اور محاذ کھولنے کی تیاریاں، بھارتی میڈیا رپورٹس کے مطابق بھارت پاکستان کے ساتھ شپنگ اور پوسٹل روابط معطل کرنے پر غور کر رہا ہے۔ حسب روایت بھارتی میڈیا شپنگ اور پوسٹل روابط کی معطلی سے پاکستان کے لیے مشکلات کا دعوا کر رہا ہے، دبئی کے راستے بھارتی سامان پاکستان پہنچتا ہے، بھارت کا کہنا ہے کہ پاکستان کے ساتھ شپنگ اور پوسٹل روابط معطل کرنے سے بھارت کو سامان کی ترسیل میں 8 سے 10 دن کی تاخیر ہوگی، اس وقت پاکستانی فلیگ بردار کوئی بھی جہاز بھارتی بندرگاہ پر موجود ہے نہ جہاز (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 50)



اسلام آباد: سری گم بھائی وے پر ہائی سپیڈ ٹریفک گھاس لگا رہے ہیں

سندھ، کپاس کی چنائی شروع، روئی کے ایڈوانس سودوں کا بھی آغاز

ملکی تاریخ میں پہلی بار نیا کاٹن جننگ سیزن مئی کے پہلے ہفتے میں شروع ہونے کا امکان

کراچی (این این آئی) سندھ کے ساحلی شہروں میں اچھائی محمود پیدا نے پر کپاس کی نئی فصل کی چنائی شروع ہونے سے روئی کے ایڈوانس سودوں کا بھی آغاز ہو گیا اور ملکی تاریخ میں پہلی بار پاکستان میں نیا کاٹن جننگ سیزن مئی کے پہلے ہفتے میں شروع ہونے کے امکانات پیدا ہو گئے ہیں۔ جنیز میں کاٹن جنرز فورم احسان الحق نے بتایا کہ پاکستان میں کپاس کی نئی فصل سے پہلے مرحلے میں تیار ہونے والی روئی کے ایڈوانس سودے شروع ہو گئے ہیں۔ ابتدائی طور پر 10 سے 15 مئی ڈلیوری کی بکنگ پر (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 56)

برصغیر کے عظیم مجاہد ٹیپو سلطان کی 226 ویں

یوم شہادت 4 مئی کو منایا جائے گا

لاہور (این این آئی) ''شیر کی ایک دن کی زندگی گیدڑ کی سو سال زندگی سے بہتر ہے''۔ برصغیر کے عظیم مجاہد ٹیپو سلطان کی 226 ویں یوم شہادت 4 مئی کو منایا جائے گا۔ حریت پسند سلطان فتح علی المعروف ٹیپو سلطان 1750 میں بھارتی ریاست میسور میں نواب حیدر علی خان کے گھر پیدا ہوئے، انہوں نے انگریزوں سے آزادی کیلئے زندگی بھر جدوجہد کی، 1782 میں نواب حیدر علی خان کی وفات (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 61)

ہمارا لاہور

مریم نواز کا ہے دور — بدل رہا ہے لاہور

وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے ترقیاتی وژن کے تحت تاریخ میں پہلی بار

137 ارب روپے کی لاگت سے لاہور ڈویلپمنٹ پروگرام کا آغاز

85,000 سے زائد سٹریٹ لائٹس کی تنصیب

728 کلومیٹر طویل 6506 کچی گلیوں کی تعمیر و پختگی

316 کلومیٹر طویل سیوریج لائنز

39 ٹیوب ویلز کی تنصیب

319 کلومیٹر طویل واٹر سپلائی لائنیں

10 ڈسپوزل سٹیشنز کی تعمیر

عوام کو زندگی بخش آب کے بہترین نظام، پینے کے صاف پانی اور پختہ و ہموار راستوں کی فراہمی

آئندہ مالی سال میں پنجاب کے تمام اضلاع میں پنجاب پیکج کے تحت اسی طرز کے ترقیاتی منصوبوں پر کام کا آغاز کیا جا رہا ہے

76 کلومیٹر طویل 269 سڑکوں کی مرمت

خدمت ہمارا شعار — سہولت ہمارا معیار

حکومت پنجاب

SPL-787